Juzz Raful Yadain

Taaleef

Ameer ul Momineen Fil Hadees

Muhammad bin Ismail al-Bukhari

(Rahimahullah)

Tarjuma Takhreej Taaleeq

Haafiz Zubair Ali Zai

(Rahimahullah)

Roman Translitration

Rehan Syed Barey

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

Fehrist

Translitrators Note:.....4

Arz e Naashir:.....7

Muqaddama: Tabaa e Oola:.....10

Rawiyaan e Nuskha Ka Taaruf:.....12

Tahqiq Ki Tafseel:.....17

Master Ameen Okaadwi:.....19

Akazeeb e Okaadwi:.....19

Okaadwi Saahab Ke Chand Mughaltaat Ka Jaaeza:.....23

Chand Ahem Baate'n:.....25

Ahadees Juzz Raful Yadain.....29

Qalmi Nuskhe (Makhtoote) Ka Pehla Warqa (Title).....112

Qalmi Nuskhe (al-Asal) Ka Androoni Pehla Warqa.....113

Qalmi Nuskhe (al-Asal) Ka Aakhri Warqa.....114

Doosre Qalmi Nuskhe Ka Pehla Safha.....115

Doosre Qalmi Nuskhe Ka Aakhri Safha.....116

Teesra Qalmi Nuskha.....117

Teesra Qalmi Nuskha.....118

Teesra Qalmi Nuskha.....119

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Translitrators Note:

بِسْمِ اللّٰہ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ رَبِّ الْعَالَمِیْن وَالْصَّلَاۃُ وَالْسَّلَامُ عَلیٰ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ، وَعلیٰ آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن. اَمَّا بَعْدُ:

Tamaam qism ki hamd o sana aur taareefe'n us Allah ke liye hain jis ne ham par namaz farz farmaai. Aur durood o salaam ho us Nabi e Aakhir par jinho'n ne apni ummat ke saamne deen aur shariyat ko na sirf pohonchaya balke us par amal karke bhi bata diya. 'صلی اللہ علیہ و سلم'

Namaz deen ka sutoon, momin ki meraaj aur qurb e Ilaahi ka sabse azeem zariya hai. Ye wo ibadat hai jiski qubooliyat tamaam ibaadaat ki qubooliyat ki alaamat hai, aur uska radd hona deegar aamaal ke radd hone ki nishaani hai.

Is azeem farize ki adaaigi ka tariqa hamare pyaare Nabi Hazrat Muhammad Mustafa ﷺ ne apne qaul, fe'l aur taqreer se ummat ko sikhlaya. Aap ﷺ ka farman hai: "*Tum namaz us tarah padho jis tarah tum ne mujhe padhte dekha hai*". (Sahih Bukhari). Is hukm e nabawi ne ye baat roz e raushan ki tarah waazeh kar di ke namaz ka har-har hukm, har-har harkat o sukoon, har-har tasbeeh o tahleel sunnat e mutahhara se maakhuz[1] aur saabit hona zaroori hai.

In ahem aur zaroori baato'n ko saamne rakhte hue Imam Bukhari رحمہ اللہ ka murattab-karda risaala "Juzz Raful Yadain" ek (1) sang-e-meel[2] ki haisiyat rakhta hai. Imam Bukhari رحمہ اللہ, jinhe'n Allah Ta'ala ne ummat mein "Ameer ul Momineen fil-Hadees" jaise buland rutba ataa farmaya, ne is mukhtasar magar nihaayat jaame risaale mein namaz ke dauraan 'Raful Yadain' (takbeer e tahrima, ruku mein jaate waqt, ruku se uth-te waqt, aur teesri rakat ke liye khade hote waqt haath uthaane) kea mal ko Nabi-e-Kareem ﷺ se saabit-shuda ek (1) musalsal, mustaqil, aur mutawaatir sunnat ke taur par jama farmaya hai. Imam Bukhari رحمہ اللہ ka ye intekhaab ba-zaat e khud is amal ki ahmiyat par dalaalat karta hai.

Quran-e-Majeed mein Allah Ta'ala ka farman hai:

---

[1] T: (ماخُوذ) Akhaz kiya hua, jo cheez kaheen se li gai ho, liya gaya [RKT]

[2] T: (سَنگِ مِیل) Nishaan e raah, landmark, milestone [RKT]

﴿ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ﴾

Tum us (hidaayat) ki paerawi karo jo tumhare Rabb ki taraf se tumhari taraf naazil ki gai hai. (Surah al-Aaraaf: 3)[1]

Aur Nabi ﷺ ka waazeh farman hai: "*Bila-shubha tum mein se jo mere baad zinda raha wo bahut ikhtilafaat dekhega, chunache un haalaat mein meri sunnat aur mere khulafa ki sunnat apnaae rakhna, khulafa jo ashaab e rushd o hidayat hain, sunnat ko khoob mazbooti se thaamna, balke daadho'n se pakde rehna, nai-nai bidaat o ikhtira-aat se apne aap ko bachaae rakhna, bila-shubha har nai baat bidat hai aur har bidat gumraahi hai*". (Sunan Abu Dawood: H4607)[2]

In nusoos ki raushni mein kisi bhi saabit-shuda sunnat ko chodne ya us mein tasaahul[3] bartane ki koi gunjaaish nahi rehti. Sunnat ko chodna mahez ek (1) maamooli fe'k ka tark karna nahi, balke dar-haqiqat itaa-at e Rasool ﷺ ke ej juzv ko tark karna aur Rasool ki ittiba ke farize se eraaz[4] karna hai.

Har wo amal jo Rasool Allah ﷺ se saabit ho, khwah wo namaz ke andar ho ya baahar, wo ummat ke liye qaanoon, mohabbat ka izhaar aur itaa-at ka zariya hai. Raful yadain jaise waazeh, mutaaddid Sahaba Kiraam رضي الله عنهم se marwi, aur kutub e hadees mein jaa-ba-jaa maujood sunnat ko 'ikhtilaafi masla' qaraar de kar nazar-andaaz kar dena dar-haqiqat sunnat ke daaere ko kam karne aur ittiba e nabawi ke jazbe ko kamzor karne ki koshish hai. Haqiqi momin ki nishaani ye hai ke jab us par koi haq waazh ho jaae to wo use fauran qubool kar leta hai, chaahe wo uske aaba o ajdaad ya maujooda muaashare ke riwaaj ke khilaaf hi kyoun na ho.

Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله ne is ahem risaale ki takhreej o tarjuma ki soorat mein jo garaan-qadr[5] khidmaat anjaam di hain wo unke ilm, tahqiq, hadees se mohabbat aur sunnat ke difaa ke jazbe ka suboot hai. Unka tarjuma aasaan, aur aam-faham hone ke saath-saath asal arbi matan ke

---

[1] T: Tarjuma Ahsan ul Kalam, Daurssalam Edition [RSB]
[2] T: Tarjuma Sunan Abu Dawood V4 P506, Darussalam Edition [RSB]
[3] T: (تَساہُل) Susti, ghaflat [FL]
[4] T: (اِعْراض) Roo-gardaani, ijtinaab, kinaarakashi [RKT]
[5] T: (گراں قَدْر) Behtareen, umda, nafees, aali martaba, moazaaz, qadr o qeemat waala [RKT]

maanawi husn aur adbi ehteraam ko bhi qaayam rakhta hai. Unki ye koshish urdu padhne/samajhne waale tabqe ke liye is ahem-tareen mauzu par ek (1) mustanad, aasaan source ban gai hai.

Is roman edition mein maujood tamaam Qurani aayaat ko https://quranwbw.com/ se liya gaya hai, aur ahadees aur aqwaal ke arbi matan ko urdu pdf dekh kar type kiya gaya hai. Bahut kam alfaaz aise the jo aam-bol-chaal mein istemaal nahi hote, jitne is kitaab mein the utne alfaaz ka aam mafhoom usi page ke footnote section mein “T:” ke saath shaamil kiya gaya hai.

Double-check karne ke bawujood bashari taqaze ki wajah se agar kaheen ghalati nazar aajaae ya is roman transliteration ke mutaalliq koi mashwara ho to neeche maujood email par contact keejiye. rehan.hse@live.com

Isi tarah mazeed roman script mein islami kutub free mein download karne ke liye neeche maujood link par click keejiye.

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

Aap se adaban guzaaarish hai ke is kitaab ko padhne ke baad doosro’n ke saath sawaab-e-jaariya ki niyyat se zaroor share keejiye. Aakhir mein Allah Ta'ala se dua hai ke wo is kitaab ke musannif Imam Bukhari رحمه الله, mohaqqiq o mutarjim Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله aur un tamaam ahbaab ko is azeem khidmat par bharpoor ajr ataa farmaae. Is kitaab ko ummat e muslima ke liye nafa e aam ka zariya banae aur ham sab ko sunnat e nabawi ﷺ par mazbooti se jame rehne aur namaz ko uske aadaab o sharaait ke saath adaa karne aur haq ko pehchaan kar us par amal karne ki taufeeq ataa farmaae. Aameen Ya Rabb al-Aalameen.

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّد وَاٰلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّم.

Duaao’n ka taalib,

Rehan Syed Barey

Riyadh, Saudi Arabia

Revision 1 - Dec 2, 2025 – Jumada al-Saani 11. 1447

Revision 0 - May 20, 2020 – Ramzan al-Mubaarak 27, 1441

Arz e Naashir:

Namaaz deen e islam ka bunyaadi rukn hai, yehi wo ibaadat hai jo dunya o aakhirat ki bhalaiyo'n ke husool ka zariya hai. Muaashara ko buraiyo'n se paak karne aur us mein neki ke wujood ko qaayam karne ka waahid zariya namaaz hi hai. Namaaz kufr o imaan ke maa-baen hadd e faasil[1] hai.

Namaaz dil ko sukoon o suroor, zehen ko safaai, aankhon ko jilaa o noor[2] bakhshti hai. Yehi zikr e akbar hai aur yehi Allah ke shukr ka sabse bada zariya hai. Masaaib o nawaaib[3] aur humoom o ghumoom[4] mein yehi momin ka sabse bada sahaara hai. Namaaz ki ahmiyat ka andaaz is baat se ba-khoobi lagaaya ja sakta hai ke agar koi aadmi khade hokar namaaz adaa na kar sake to baith kar adaa kare aur agar baith kar adaa karna bhi na-mumkin ho to let-kar adaa kar sakta hai.

Gharz, namaaz wo ibaadat hai jo kisi haalat mein bhi saaqit nahi hoti. Musaafir ho ya muqeem, tandrust ho ya mareez, ghareeb ho ya ameer ho ya haalat e jung, garmi ho ya sardi, namaaz bahar-soorat adaa karne ka hukm hai.

Namaaz ba-zaat e khud jitni ahem hai, uska tariqa bhi utna hi ahem hai. Hame'n sirf namaaz adaa karne ka hukm nahi mila, balke ye bhi hukm diya gaya hai ke:

لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ.

Namaaz us tarah padho, jis tarah mujhe padhte hue dekhte ho. (Sahih Bukhari: H631)

Isse saabit hua ke namaaz wohi namaaz hai aur ibaadat wohi ibaadat hai, jo Aap ﷺ ke uswa ke mutaabiq ho. Baaz logo'n ka khayaal hai ke namaaz padhni chaahiye, jaise kisi ki marzi ho. Goya ye koi ibaadat nahi, warzish hai. Jise zaroorat ke mutaabiq har shakhs man-pasand tariqe se adaa kar sakta hai. Halaanke qiyamat ke din sabse pehle namaaz hi ka

---

[1] T: (حَدِ فاصِل) Wo cheez jo do (2) cheezo'n ke darmiyaan aakar unhe'n juda kar de [RTK]
[2] T: (جِلا و نور) Munawwar karna, zaahir o baatin ko paak-saaf karna wagharia [RSB]
[3] T: (نَوائِب) Masaaib, mushkilaat, hawaadis (haadisaat), misfortunes, hardships [RKT]
[4] T: (هُموم) Pareshaniya'n, afkaar. (غُمُوم) Ranj, gham, ghussa [RKT]

sawaal hoga. Jiski nauiyyat ke mutaalliq Nabi ﷺ ne farmaya:

فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ ، وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ.

Agar namaaz durust hui to kaamyaab o kaamraan ho gaya. Aur agar us mein koi naqs hua, namaaz kharaab hui to nakaam ho gaya. (Tirmizi: H413)

Ghaur-talab baat ye hai ke aapne ye nahi farmaya, agar namaaz na padhi to nakaam ho gaya. Balke ye farmaya ke agar namaaz kharaab hui to nakaam ho gaya. Goya agar namaaz sunnat e rasool ke mutaabiq adaa na ki jaae to wo baargaah e Ilaahi mein sharf e qubooliya haasil nahi kar sakegi.

Syedna Huzaifa رضي الله عنه ne ek shakhs ko dekha jo ruku o sujood mukammal taur par nahi kar raha tha, to aapne usse kaha:

مَا صَلَّيْتَ وَلَوْ مُتَّ مُتَّ عَلىٰ غَيْرِ الْفِطْرَةِ الَّتِيْ فَطَرَ اللهُ مُحَمَّداً صلى الله عليه وسلم.

Tum ne namaaz nahi padhi, agar tum aise hi mar gae to us fitrat (yaane deen par) nahi maroge. jis fitrat par Allah Ta'ala ne Muhammad ﷺ ko paida kiya tha. (Sahih Bukhari: H791)

Choonke us aadmi ki namaaz uswa e rasool se mutaabaqat nahi rakhti thi. Is liye Syedna Huzaifa رضي الله عنه ne use kaha ke tum ne namaaz adaa hi nahi ki.

Namaaz mein Raful Yadain Nabi ﷺ ke amal se ba-zariya mutawaatir ahadees saabit hai. Jo namaaz ki zeenat bhi hai. Namaaz mein raful yadain ki ahmiyat ke pesh e nazar Ameer-ul-Momineen Fil Hadees Imam Muhammad bin Ismail al Bukhari رحمه الله ne ek ma risaala ba-unwan "Juzz Raful Yadain" taaleef farmaya. Jiska tarjuma, takhreej, aur taaleeq naamwar mohaqqiq o mohaddis Fazilat-ush-Shaikh Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله ne ki hai.

Aaghaaz mein Mohtaram Haafiz Saahab ke qalam se mukhtasar aur jaame muqaddama bhi shaamil e kitaab hai. Jo besh-baha maalumaat apne daaman mein samete hue hai. Is mauzu par mazeed maalumaat ke husool ke liye faazil mutarjim ki tasneef "Noor-ul-Aenain" ka mutaala-a farmae'n.

Ye banda e na-cheez Allah Rabbul Aalameen ke huzoor sar-ba-sujood

hai ke usne apne Habeeb ﷺ ki is sunnat ko zinda-jaawed rakhne ke liye mujh aajiz ko “Maktaba Islamiya” ki taraf se pehle “Noor-ul-Aenain” aur ab “Juzz Raful Yadain” shaaya karne ki taufeeq bakhshi.

Dua hai ke Allah Ta’ala jumla ahle islam ko Khaatam un Nabiyyeen ﷺ ki sunnat ke mutaabiq namaaz adaa karne ki taufeeq ataa farmae. Ameen

Muhammad Sarwar Aasim

Muqaddama: Tabaa e Oola:

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ، نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ ، مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ. أَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللّٰهِ ، وَخَيْرَ الْهُدَى هُدَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، (وَكُلَّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ.

Deen e islam mein 'أشهد ان لا إله إلا الله وأشهد أن محمداً رسول الله' ke iqraar ke baad doosra rukn salah (namaz) hai. Rasool Allah ﷺ jab namaaz padhte to takbeer e tahreema, ruku se pehle aur ruku ke baad kaandho'n ya kaano tak apne dono haath uthaate the. Jaisa ke mutawaatir ahadees se saabit hai. Ise urf e aam mein Raful Yadain kaha jaata hai.

Darj e zel Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ne Raful Yadain ki marfu[1] riwayat bayan ki hai.

S.N.	Sahabi Ka Naam	Hadees Ki Kitaab Ka Naam
1.	Abdullah bin Umar رضي الله عنه	Sahih Bukhari, Sahih Muslim, Juzz Raful Yadain
2.	Maalik bin al-Huwairis رضي الله عنه	Sahih Bukhari, Sahih Muslim, Juzz Raful Yadain
3.	Waael bin Hujr رضي الله عنه	Sahih Bukhari, Sahih Muslim, Juzz Raful Yadain
4.	Abu Humaid as-Saadi رضي الله عنه	Sahih Ibne Hibban, Juzz Raful Yadain
5.	Abu Qataada رضي الله عنه	Juzz Raful Yadain
6.	Sahal bin Saad رضي الله عنه	Juzz Raful Yadain
7.	Abu Usaid as-Saadi رضي الله عنه	Juzz Raful Yadain
8.	Muhammad bin Muslima رضي الله عنه	Juzz Raful Yadain
9.	Abu Bakr as Siddiq رضي الله عنه	Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P73;

[1] T: Wo hadees jiske raawiyo'n ka silsila Rasool Allah ﷺ tak pohonche [FL]

		Muntaqa Hadees al Aboodi: V2 P316 H24
10.	Umar bin al Khattaab ﷺ	Al Khilaafiyaat lil Bayhaqi; Noor-ul-Aenain: P194-203 (2nd Edition)
11.	Ali bin Abi Taalib ﷺ	Juzz Raful Yadain
12.	Abu Huraira ﷺ	Sahih Ibne Khuzaima: 694, 695
13.	Abu Musa al Ashari ﷺ	Daraqutni: V1 P292
14.	Abdullah bin az Zubair ﷺ	Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P73
15.	Jaabir bin Abdullah al Ansari ﷺ	Sunan Ibne Majah: 868; Musnad as-Siraaj:92
16.	Anas bin Maalik ﷺ	Musnad Abi Yaala: 3793; Juzz Raful Yadain

Imam Istakhri[1], Haafiz Suyuti, Ashraf Ali Thanwi Deobandi waghairahum ne iski sarahat ki hai ke: "*Har wo hadees e mutawaatir hai, jise kam az kam 10 raawi (Sahaba Kiraam ﷺ) bayan kare'n*" dekhiye Tadreeb ur Raawi: V2 P177, Qatafa al-Azhaar al-mutanaasira: P21, Bawaadir an-Nawaadir: P136. Mutawaatir ahadees par jo kitaabe'n likhi gai hain, un mein ruku se pehle aur baad waale raful yadain ko khaas taur par ba-taur e mutawaatir zikr kiya gaya hai. Dekhiye Nazm al-Mutanasir Minal Hadees al-Mutawaati: P96-97, Laqata al-laali al-mutanaasira fil Ahaadees al-Mutawaatirah: P207 H62 aur Qatafa al-Azhaar al-Mutanaasira: P95 H33.

Jin ulama ne raful yadain e mazkoor ko mutawaatir qaraar diya hai, un mein se chand ahle ilm ke naam darj e zel hain: Al Kattaani, Ibn al-Jauzi, Ibne Hajar, Zakariya al-Ansari, Az-Zubaidi waghairahum.

Namaaz mein raful yadain ke masle par bahut se ulama ne kitaab aur risaale likhe hain, masalan:

① Muhammad bin Nasr al-Mirwazi ki *Kitaab Raful Yadain*. (Mukhtasar

[1] T: Urdu pdf aur ishaa-at-ul-hadees application dono jagah 'امام اصطخری' hi likha hai [RSB]

Qiyaam-ul-Lail lil Mirwazi: P192)

② Abu Bakr al-Bazzar. (Al Istizkaar: V1 P410 tahat H139)

③ Abu Naeem al-Asbahaani, Kitaab Raful Yadain Fis Salah. (At Tahbeer lil Sam-aani: V1 P179-182)

④ Taqiuddin as Subki, unka risaala matboo[1] hai.

⑤ Ibn al-Qaiyyim. (Al Waafi Bil Wafiyaat: V2 P196)

In kitaabo'n mein shohra e aafaaq[2] kitaab Imam Bukhari ki "Juzz Raful Yadain" hai. Meri ye khush-qismati hai ke Ustaaz Mohtaram Syed Badiuddin Shah ar-Rashadi ﷺ ke kutub-khane mein "Juzz Raful Yadain lil Bukhari" ka ek behtareen (qalmi musawwar[3]) nuskha mil gaya. Jo ke "*Nuskha e Zaahiriyya*" ki photo-state hai. Maine us nuskhe ko asal qaraar de kar uski tahqiq o takhreej e ahadees aur tarjuma kiya.

Baad mein mere ek pyaare dost Mujahid Ali Mujahid Jhangwi (saabiq deobandi o haal ahle hadees) ne bataaya ke unke paas "Juzz Raful Yadain" ka ek qalmi nuskha maujood hai. Mere mutaalbe par unho'n us nuskhe ki photo-state mujhe dedi. Maine use asal-saani qaraar de kar "*Nuskha e Zaahiriyya*" se uska muqaarana[4] kiya. Allah Ta'ala se dua hai ke bhai Mujahid Ali Mujahid ko dunya o aakhirat mein jaza e khair ataa farmaae. Ameen

Rawiyaan e Nuskha Ka Taaruf:

Nuskha e Zaahiriyya ki ye khoobi hai ke kaatib se le kar Imam Bukhari tak sanad shuru mein likhi hui hai. Kitaab ke aakhir ki ibaarat se maaloom hota hai ke:

أَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْعَلَّامَةُ الْحَافِظُ الْمُتْقِنُ بَقِيَّةُ السَّلَفِ زَيْنُ الدِّينِ أَبُو الْفَضْلِ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْعِرَاقِي...

Akhbarna ash-Shaikh al-Imamu al-Aallaama al-Haafiz al-Mutqin Baqiya-tus-Salaf Zainuddin Abul Fazl Abdur Raheem bin al-Hussain bin al-Iraqi....

---

[1] T: (مَطْبُوع) Chapaa hua, taba shuda, printed, published [RKT]
[2] T: (شُهْرَۂ آفاق) Duniya mein mashoor, door-door tak sab ko maaloom, famous, renowned [RKT]
[3] T: Aisi kitab ya tahreer jo puraani ho, haath se likhi gai ho aur naayaab hone ki wajah se uski sirf photo copy hi haasil ho [RSB]
[4] T: (مُقارَنَه) Ekattha karna, jamaa karna [RKT]

Likhne waale Haafiz Ibne Hajar Asqalani hain, ab us nuskhe ke rawiyo'n ka mukhtasar aur jaame tazkira pesh e khidmat hai:

① Haafiz Ibne Hajar Asqalani:

الشافعي الإمام العلامة الحافظ فريد الوقت مفخرالزمان، بقية الحافظ علم الأئمة الأعلام، عمدة المحققين، خاتمة الحافظ المبرزين والقضاة المشهورين. (Lahz al-Alhaz li-Ibn Fahd al-Hashimi al-Makki: P326)

773h ko paida hue aur 852h ko faut hai. Aap Tehzeeb-ut-Tehzeeb, Taqreeb-ut-Tahzeeb, Lisaan-ul-Mizaan, Fath-ul-Baari, Tabaqaat-ul-Mudalliseen aur Taghleeq-ut-Taaleeq waghaira kutub e naafea ke musannif hain aur riwayat e hadees mein siqa o mutqin ulama mein sar e fehrist hain.

Yaha'n par ba-taur e tambeeh arz hai ke baaz ulama ke saath Shafai o Maliki o Hambali o Hanafi waghaira saabiqo'n o laahiqo'n ka ye matlab qatan nahi hai. Ke ye ulama saf e muqallideen mein shaamil the. In jaise bahut se Shafai kehlaane waale ulama se manqool hai ke wo kehte the:

لسنا مقلدين للشافعي بل وافق رأينا رأيه.

Ham (Imam) Shafai ke muqallid nahi hain, balke hamari raae unki raae se (ittifaaqan) muwaafiq ho gai hai. (Taqriraat ar-Raafai: V1 P11; At Tahreer wat Taqreer: V3 P453; An Naafe al-Kabeer: P7)

Haafiz Ibne Hajar farmate hain ke: 'إن المذموم من التقليد أخذ قول الغير بغير حجة'

Ghair (yaane ghair e nabi) ka qaul baghair daleel ke lena mazmoom taqleed mein se hai. (Fathul Baari: V13 P351, Tahet Baat: 1 Min Kitaab-ut-Tauheed)

Ye baat aam logo'n ko bhi maaloom hai ke taqleed hoti hi bila-daleel hai. Deobandiyo'n ki mustanad kitaab e lughat "Al Qamoos-ul-Waheed" mein likha hua hai ke: "*At Taqleed* (التقليد)*: Be-soche samjhe ya be-daleel paerawi (2) naql (3) supurdgi*". (Qamoos-ul-Waheed: P1346 ب)

Qallada Fulaanan (قَلَّدَ فُلَانًا): Taqleed karna, bila daleel paerawi karna, aankh band karke kisi ke peeche chalna, (2) kisi ki naql utaarna jaise 'قَلَّدَ القِرْدُ الإِنْسانَ'. (Qamoos-ul-Waheed: P1346 الف)

Ashraf Ali Thanwi Deobandi farmate hain ke: "*Taqleed kehte hain ummati ka qaul maanna bila-daleel*". (Malfuzaat Hakeem-ul-Ummat: V3 P159; Malfooz: P228)

Maaloom hua ke yehi taqleed Haafiz Ibne Hajar ke nazdeek mazmoom[1] hai, lihaaza iska sawaal hi paida nahi hota ke wo Imam Shafai ﷺ ke muqallid the. Unho'n ne bahut se masaail mein Imam Shafai ﷺ ki mukhalifat ki hai. Masalan Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami ko Imam Shafai siqa (yaane saccha aur qaabil e etemaad) samajhte the, jabke Haafiz Ibne Hajar use Taqreeb-ut-Tehzeeb mein *matrook*[2] likhte hain. (P23 ba-tahqiqAl Muhaqqiqh Irshad-ul-Haq Athari)

Kutub e Tabaqaat, masalan 'Tabaqaat ash Shafaiya' waghaira mein kisi shakhs ka mazkoor hona uske muqallid hone ki daleel nahi hai. Imam Shafai ko Tabaqat e Malikiya *Ad Dibaaj al-Mazhab* (P227), aur *Tabaqat Hambaliya li Abi al-Hussain* (V1 P280) par. Imam Ahmad ko *Tabaqaat ash-Shafaiya lis Subki* (V1 P99) aur Dawood Zaahiri ko *Tabaqaat ash- Shafaiya* (V2 P42) mein zikr kiya gaya hai. Dekhiye *Tanqeed e Sadeed li Shaikhana al-Imam Abi Muhammad Badiuddin ar-Rashadi* ﷺ (P36).

Halaanke ye sab mujtahideen the, un mein se ek bhi muqallid nahi tha. Yaad rahe ke '*Tabaqaat al-Muqallideen*' ke naam se kisi mustanad mohaddis ki koi kitaab dunya mein maujood nahi hai. Balke iske bar-aks Al Imam al-Mujtahid al-Haafiz Alim al-Andalus Abu Muhammad al-Qaasim bin Muhammad bin al-Qaasim bin Muhammad bin Siyaar al-Qurtubi ﷺ (d 276h) ki kitaab *Al Ezaah Fee ar-Rad Alal Muqallideen* zaroor likhi gai hai. (Dekhiye Siyaar Aalaam an-Nubala: V13 P329)

② Haafiz Abu al-Fazl al-Iraqi (b725h - d806h).

Aap "*Al-Fee-ya fee Mustalah al-hadees*", "*At-taqayyid wal Eezah Sharh Muqaddimat Ibn as-Salaah*", aur "*Al-mughni 'an Haml il-asfaar fee al-asfaar*" waghaira mufeed kitaabo'n ke musannif hain.

Haafiz Ibne Fahad ne kaha:

الإمام الأوحد العلامة الحجة الحجر الناقد، عمدة الأنام، حافظ الإسلام، فريد دهره، وحيد عصره، من فاق بالحفظ والإتقان فى زمانه... (Lahaz al Alhaaz: P220)

---

[1] T: (مَذمُوم) Bura, kharaab, mazammat kiya gaya [RKT]

[2] T: (مَتْرُوک) Wo raawi jis par kizb (jhoot) ka ilzaam lagaya gaya ho, ya wo hadees mein bahut ziyaada ghalatiyaa'n karta ho, ya uski shadeed ghaflat mashoor ho, to uski hadees chod di jaati hai aur usse ehtijaaj (daleel lena) nahi kiya jaata. [RSB]

③ Hafiz Nooruddin al-Haithami ﷺ (b735h - d807h)

Aap ‘Majma az-Zawaaid’, ‘Mawaarid az-Zamaan’ aur ‘Kashf-ul-Astaar’ waghaira mufeed kitaabo’n ke musannif hain. Haafiz Ibne Hajar ne inke baare mein farmaya: ‘كان خيراً ساكتاً صيتاً، سليم الفطرة, شديد الإنكار للمنكر، لايترك قيام الليل...’
(Zel Tabaqaat-ul-Huffaz liz Zahbi az-qalam lis Suyuti: P373)

④ Syeda Haafiza Umme Muhammad Sat al-Arab bint Muhammad ﷺ (d767h):

Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne kaha:

حفيدة الفخر ابن البخاري ، أحضرت عليه فكان عنده من حديثه من الكتاب الطوال والأجزاء شئ كثير وحدثت وطال عمرها ، أخذ عنها شيخنا العراقي... (Ad Durar al-Kaaminah: V2 P127)

محدثة ذات صلاح و عبادة... (Aalaam an-Nisa: V2 P159)

⑤ Imam Fakharuddin Ibn al-Bukhari ﷺ (b595h - d690h).

Haafiz Zahbi ﷺ ne farmaya:

كان فقيهاً عالماً أديباً فاضلاً ، كامل العقل ، متين الورع ، مكرماً للمحدثين.

(Mojam ash-Shuyookh: V2 P13 ت 512)

⑥ Ash Shaikh Umar bin Muhammad bin Tabarzad ﷺ (b516h - d607h)

Baaz logo’n ne baaz umoor e deen mein tahaawun[1] (o-susti) ki wajah se in par kalaam kiya hai. Magar Haafiz bine Naqtah ﷺ farmate hain:

هو مكثر، صحيح السماع، ثقة فى الحديث.

(At Taqaiyyid li Maarifa Rawah as-Sunan wal Masaneed: P397 ت 521)

⑦ Ash Shaikh Ahmad bin al Hasan bin Al Bana ﷺ (b445h - d527h):

Haafiz Ibn al-Jauzi ﷺ ne inke baare mein farmaya: ‘وكان ثقة’. (Al Muntazim Fee Taareekh al-Mulook wal Umam: V17 P278 ت 3982)

⑧ Ash Shaikh Muhammad bin Ahmad bin Hasnoon an Narsi ﷺ (b367h - d456h):

[1] T: (تَهاوُن) Ghaflat, susti, be-parwaai, haqeer samajhna [RKT]

Iske baare mein Haafiz al-Khateeb al-Baghdadi ﷺ farmate hain ke:

كتبنا عنه وكان صدوقًا ثقة، من أهل القرآن، حسن الإعتقاد.

(Taareekh Baghdad: V1 P356 ت 285)

⑨ Ash Shaikh Muhammad bin Ahmad bin Musa al Malaahi ﷺ (b312h - d395h):

Inke baare mein Haafiz Zahbi ﷺ ne likha hai ke: 'كان ثقة، يحفظ و يفهم' (Al Ibr Fee Khabar Min Ghabar: V2 P187)

⑩ Mahmood bin Ishaq al-Khuzaai ﷺ (d332h):

Aapke teen (3) shagird hain: ❶ Al Malahami. ❷ Ahmad bin Muhammad bin al-Hussain ar-Raazi. (Taareekh Baghdad: V13 P438; Tazkirah al-Huffaaz: V3 P1029) ❸ Ahmad bin Ali bin Amr as-Sulaimani. (Tazkirah al-Huffaaz: V3 P1036 ت 960)

Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne inki bayan-karda ek (1) riwayat ko 'Hasan' qaraar diya hai. (Muwaafaqat al-Khabr Al Khabr Fee Takhreej Ahadees al Mukhtasar: V1 P417)

Riwayat ki tasheeh (o tahseen) uske har raawi ki tauseeq hoti hai. (Dekhiye Nasb ar-Raaya lil Zeli (V1 P149 & V3 P264) waghaira)

Lihaaza Mahmood bin Ishaq mazkoor, Haafiz Ibne Hajar ke nazdeek siqa o sadoq aur Hasan-ul-Hadees hai, yaad rahe ke kisi mohaddis ne Mahmood ko '*majhool*[1]' nahi kaha. ❶ Baaz kazzaabeen ka chaudhwee'n (14th), pandhrawee'n (15th) sadee mein Mahmood e mazkoor ko *majhool* kehna sire se mardood hai. *Walhamdulillah*.

❶ Mahmood bin Ishaq ka tazkirah Taareekh Islam liz Zahbi: V25 P83; Al Irshad Fee Maarifa Ulama al-Hadees lil Khaleeli: V3 P968 par maujood hai. Inki wafat 332h mein hui. ﷺ

⑪ Shaikh-ul-Islam al-Imaam al-Faqeeh al-Mujtahid, al-Mohaddis Abu Abdullah al-Bukhari ﷺ (b194h (sidq) - d256(noor)):

Aap Sahih Bukhari, At-Taareekh al-Kabeer, Kitaab az-Zoafa waghaira kutub e mufeeda ke musannif hain. Aapke baare mein ulama ka faisla hai ke:

أمير المؤمنين فى الحديث ورأس المحدثين فى القديم والحديث وأستاذ الحفاظ الذي أجمعت الأمة شرقاً وغرباً

[1] T: (مَجهُول) Naa-maaloom, ghair-maaroof [RKT]

على توثيقه و أمانته وضبطه و صيانته. (Aalaam an-Nisa: V2 P159)

Aap ke tilmeez-ut-tilmeez[1] Haafiz Ibne Hibban ne gawaahi di ke:

وكان من خيار الناس ممن جمع و صنف ورحل وحفظ وذكر وحث عليه، وكثرت عنايته بالأخبار وحفظه للآثار مع علمه بالتاريخ و معرفة أيام الناس ولزوم الورع الخفي والعبادة الدائمة إلى أن مات رحمه الله.

(Kitaab as-Siqaat: V9 P113/114)

Imam Abu Isa Tirmizi رحمه الله ne farmaya:

ولم أر أحداً باعراق ولا بخراسان في معنى العلل والتاريخ و معرفة الأسانيد.

(Al Ilal lit Tirmizi: V1 P32; Taareekh Baghdad: V2 P27 [sanad sahih])

Yaane misl al-Imam Bukhari رحمه الله tafseel ke liye dekhiye meri kitaab "*Al Asaneed as-Sahiha Fee Akhbaar al-Imam Abi Hanifa*". (P270)

Is tahqiq se maaloom hua ke "*Juzz Raful Yadain lil Bukhari*" ki Imam Bukhari tak sanad bilkul sahih o saabit hai.

Tahqiq Ki Tafseel:

① Raaqim-ul-Huroof ne nuskha e zaahiriyya ko asal-awwal qaraar diya hai, kyounke ye sahih o saabit aur sahih-tareen nuskha hai. Ibne Salaah ne nuskhe se naql ke liye ye shart likhi hai ke:

وهو أن يكون ناقل النسخة من الأصل غير سقيم النقل، بل صحيح النقل فليل السقط.

Aur ye ke asal (motamad) ke nuskhe ka naaqil, ghalat naql karne waala na ho, balke sahih naql karne waala aur (bahut) kam ghalatiya'n karne waala ho. (Uloom-ul-Hadees/ Muqaddma Ibne Salaah: P303 (نوع: ٢٥ فرع: العاشر)

② Biradaram Mujahid Ali Mujahid ke nuskhe ko asal-saani qaraar de kar baaz ibaraat ki islaah ki hai.

③ Ahadees par sehat o zof ke lihaaz se hukm laga diya hai.

④ Ahadees ki mukhtasar, jaame aur zaroori takhreej kardi hai. Tawaalat se is liye ijtinaab kiya hai ke iska aammat-ul-muslimeen[2] ko koi faaeda nahi aur kitaab bhi khwaah-ma-khwaah zakheem ban kar mehngi ho

---

[1] T: (تلميذ) Taalib e ilm, shaagird [RKT], yahan mafhoom hoga shaagird ke shaagird [RSB]

[2] T: (عامَّةُ الْمُسْلِمِين) Tamaam musalman, ummat e muhammadi, aalam e islam [RKT]

jaati hai. Jise khareedna awaam ke liye masla ban jaata hai. Masalan Sunan Saeed bin Mansoor/ Tafseer Saeed bin Mansoor ki 869 ahadees ko Dr. Saad bin Abdullah bin Abdul Aziz Aal Humaid ne bahut lambi takhreej karke 4 jildo'n + jild 5 Al Faharis, Sola-sau-Ikaasi (1681) safho'n mein shaaya kar diya hai. Halaanke ye kitaab ek jild mein bhi shaaya ho sakti thi. Imam Saeed bin Mansoor is baat ke mohtaj nahi hain ke unki bayan-karda hadees ki takhreej agar 50 kitaabo'n se na ki jaae to wo sahih na hogi. Balke awaam ke liye yehi kaafi hai ke asal nas ka zabt sahih tariqe se karke mukhtasar o zaroori takhreej aur us riwayat ka sahih ya zaeef darja bayan kar diya jaae. Baaz jadeed mutahaqqiqeen o mohaqqiqeen ko taweel o tazkheem[1] e kitaab ka khwaah-ma-khwaah khabt[2] hi rehta hai.

⑤ Aakhir mein rawiyaan e hadees ki fehrist, ba-hawala arqaam e hadees likh di hai. Taake hadees talaash karne mein aasaani rahe.

⑥ Ahadees ki tarqeem (number lagaana) Ustaz Mohtaram Syed Abu Muhammad Badiuddin ar-Rasshadi as-Sindhi رحمه الله ke tahqiq-shuda nuskhe "*Jila-ul-Aenain Bi-takhreej Riwayaat al-Bukhari Fee Juzz Raful Yadain*" ke mutaabiq hai. Taake baaz shaaiqeen e tahqiq dono nuskho'n se faaeda haasil kar sake'n aur ind-az-zaroorat muqaarana bhi kar le'n.

⑦ Arbi matan mein qalmi nuskhe (makhtoote) ke safhaat ka zikr (:ق) ke saath kar diya hai.

⑧ Atraaf-ul-hadees waghaira ki fehrist aakhir mein darj kardi hai, taake hadees talaash karne mein mazeed aasaani rahe.

⑨ Jaame Muqaddama likh kar apna manhaj ma' fawaaid e ilmiya pesh kar diya hai.

⑩ Munkireen e raful yadain masalan *Primary Master Muhammad Ameen Safdar Okaadwi Deobandi Hayaati* ke shubhaat o eterazaat ke muskit[3] aur dandaan e shikan jawabaat de diye hain.

---

[1] T: (تطويل و تضخيم) Baat ko lamba-chauda aur badha-chadha kar pesh karna [RSB]
[2] T: (خَبْط) Wahem, mughaalata, uljhaao [RKT]
[3] T: (مُسْكِت) Khamosh kar dene waala (jawaab ya daleel), chup karne waala [RKT]

Master Ameen Okaadwi:

Master Ameen Okaadwi Saahab ne "*Juzz Raful Yadain*" ke tarjuma aur haashiya ke saath jo nuskha likha hai, wo akazeeb o iftira-aat, mughaltaat aur talbisaat[1] par mushtamil hai.

Master Ameen Saahab ne mere khilaaf ek (1) mazmoon likha tha, jiska jawab maine 50 safho'n mein "*Okaadwi Ka Taaqqub*" ke naam se likh kar Okaadwi Saahab ko unki zindagi mein bhej diya tha aur ye mutaalaba kiya tha ke wo mere us jawabi mazmoon ko mukammal naql karke uska jawab de'n.

Maine likha tha ke: "*Agar wo ise matan mein rakh kar mukammal jawab nahi denge, to unke jawab ko baatil o kal-adm[2] samjha jaaega*". (Okaadwi Ka Taaqqub: P50)

Wo apni zindagi mein us shart ke mutaabiq jawab na de sake.

Maine "*Juzz Raful Yadain*" ke silsila mein Okaadwi Saahab ke tamaam ahem o bunyaadi eterazaat ke jawabaat is kitaab "*Tahqiq o Takhreej Juzz Raful Yadain*" mein de diye hain. *Walhamdulillah*.

Akazeeb e Okaadwi:

Okaadwi Saahab ke chand sareeh jhoot darj e zel hain:

① Ameen Okaadwi ne kaha: "*Iska raawi Ahmed bin Saeed Daarmi mujassama firqa ka bidati hai*". (Masoodi Firqa Ke Eterazaat Ke Jawabaat: P41-42; Tajalliyaat e Safdar: V2 P348-349 [Jamiyat Asha-at-ul-Uloom al Hanafiyya edition])

Imam Ahmad bin Saeed ad-Darmi ke haalaat *Tehzeeb-ut-Tehzeeb* (V1 P31-32) waghaira mein mazkoor hain. Wo Sahih Bukhari o Sahih Muslim waghairahuma ke raawi aur bil-ittifaaq siqa hain. Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله ne unki tareef ki hai, un par kisi mohaddis ne bhi *mujassama firqa* mein se hone ka ilzaam nahi lagaaya.

---

[1] T: Dhoka, fareb, jhoot [RSB]

[2] T: (كَالعَدَم) Khatam, fana, mansookh [RKT]

② Okaadwi ne kaha: “*Rasool e Aqdas ﷺ ne farmaya:* ‘لا جمعة الا بخطبه’ “*Khutba ke baghair juma nahi hota*”. (Majma Rasaail: V2 P169 [June 1993 edition])

In alfaaz ke saath-saath Hadees, Rasool ﷺ se qatan saabit nahi hai. Malikiyyo’n ki ghair mustanad kitaab “*Al Mudawwana*” mein Ibne Shihaab (az-Zohri) se mansoob ek qaul likha hua hai ke:

بلغني أنه لا جمعة إلا بخطبة فمن لم يخطب صلى الظهر أربعاً.

(Majma Rasaail: V2 P169 [June 1993 edition])

Is ghair-saabit qaul ko Okaadwi Saahab ne Rasool e Aqdas ﷺ se saraahatan mansoob kar diya hai.

③ Okaadwi ne kaha: “*In aimma e arba mein faarsi un nasl bhi sirf Imam Saahab (yaane Imam Abu Hanifa. naaqil) hi hain*”. (Majma Rasaail: V3 P33 [Sep 1994 edition])

Halaanke Imam Abu Hanifa ka faarsi un-nasl hona qatan saabit nahi hai. *Tehzeeb-ut-Tehzeeb* (V10 P449) mein ‘وقيل أنه من أبناء فارس’ *majhool* ke seghe ke saath likha gaya hai. Jis mein ye ishara hai ke Imam Saahab ka faarsi hona saabit nahi hai. Iske bar-aks Imam Abu Hanifa ke siqa shagird Abu Naeem al-Fazl bin Dakeen al-Kufi farmate hain:

أبو حنيفة النعمان بن ثابت بن وزطى، أصله من كابل.

(Taareekh e Baghdad: V13 P324-325 [sanad sahih]; Al Asaneed as Sahiha: P3)

Yaane Imam Saahab *Kabuli* the.

Okaadwi ne *Kabuli* ko *Farsi* bana diya hai. Subhanallah!

④ Ek zaeef riwayat mein aaya hai ke:

والمرأة تجعل يديها حذاء ثديها.

Aur aurat apni chaatiyo’n ke barabar haath rakhe. (Kanzul Ummaal: V7 P431 H19640; At Tabrani Fil Kabeer: V22 P19-20; Majma az Zawaaid: V2 P103 & V9 P374)

Is mein tahreef karte hue Okaadwi Saahab isi hadees mein likhte hain:

والمرأة ترفع يديها حذاء ثديها.

Aur aurat apne haatho’n ko chaati ke barabar uthaae. (Majma Rasaail: V1 P323 [Oct 1991 edition]; ba-hawala Kanzul A’amaal: 7/10307)

Yaha'n par is hadees se istidlaal kiya hai aur usi kitaab ke P346 par iski rawiyat par "*Aur Umme Yahya Majhoola hain*" likh kar jarh kardi hai. Wajah ye thi ke us safha par us raawiya ki hadees marzi ke khilaaf thi aur P323 par marzi ke mutaabiq. Asal maqsad marzi ki paerawi hai.

⑤ Okaadwi ne kaha: "*Biradaran e islam, Allah Ta'ala ne jis tarah kaafiro'n ke muqabla mein hamara naam muslim rakha, isi tarah ahle hadees ke muqaable mein Aap ﷺ ne hamara naam Ahle Sunnat wal Jamat rakha*". (Majma Rasaail: V4 P36 [Nov 1995 edition])

Halaanke kisi ek hadees mein Rasool Allah ﷺ ne *ahle hadees* ke muqaable mein deobnadiyo'n ka naam *ahle sunnat wal jamat* nahi rakha. Ye baat aam ulama e haq ko maaloom hai ke deobandi hazraat *ahle sunnat wal jamat* nahi hain. Balke nare *soofi, wahdat-ul-wujood* aur *ghaali muqallideen* hain. Imam Suyuti ne ye kehte hue *muqallideen* ko *ahle sunnat wal jamat* se khaarij kar diya hai ke:

والذي يجب أن يقال كل من انتسب إلى إمام غير رسول الله صلى الله عليه وسلم يوالي على ذلك ويعادي عليه فهو مبتدع خارج عن السنة والجماعة سواء كان فى الأصول أو الفروع.

Ye kehna waajib hai ke har shakhs jo Rasool Allah ﷺ ke alaawa kisi aur imam se mansoob hota hai. Uski mohabbat aur dushmani isi par hoti hai, to aisa shakhs bidati hai. Ahle Sunnat wal Jamat se khaarij hai. Chaahe ye (intisaab o mohabbat aur dushmani) usool mein ho ya furoo mein. (Al Kanz-ul-Madfoon wal Iflak al Mashoon lis Suyuti: P149)

⑥ Okaadwi ne kaha: "*Namaaz e taraweeh ke baare mein 20 rakat se kam kisi imam ka mazhab nahi*". (Majma Rasaail: V4 P51)

Halaanke Aeni Hanafi ne likha hai ke:

وقيل احدى عشرة ركعة وهو اختيار مالك لنفسه واختاره أبوبكر العربي.

Aur ek qaul 11 rakat ka hai aur use Imam Maalik ne apne liye pasand kiya hai. Abu Bakr al-Arbi ne (bhi) use hi ikhtiyaar kiya hai. (Umdatul Qaari: V11 P127 [Dar-ul-Fikr edition])

Abdul Haq Ishbeeli Maliki (d 581h) ne bhi Imam Maalik se 11 rakat ka adad naql kiya hai. (Dekhiye Kitaab-ut-Tahajjud lil Ashbeeli: P176 Faqhra: 890)

⑦ Sihaah Sitta ke markazi raawi Ibne Juraij ke baare mein Okaadwi ne

kaha: "*Ye bhi yaad rahe ke ye Ibne Juraij wohi shakhs hain, jinho'n ne Makka mein muta ka aaghaaz kiya aur 90 aurato'n se muta kiya*". (Tazkirah-tul-Huffaz; Majma Rasaail: V4 P164)

Tazkura-tul-Huffaaz liz Zahbi (V1 P169-171) par Ibne Juraij ke haalaat mazkoor hain, magar '*muta ka aaghaaz*' ka koi zikr nahi hai. Ye khaalis Okaadwi jhoot hai.

Rahi ye baat ke Ibne Juraij ne 90 aurato'n se muta kiya tha. Ba-hawala Tazkiratul Huffaz (P170-171), ye bhi saabit nahi hai. Kyounke Imam Zahbi ne Ibne Abdul Hakam tak koi sanad bayan nahi ki. Be-sanad aqwaal us waqt tak mardood ke hukm mein hote hain, jab tak wo doosri kitaab mein ba-sanad e sahih ya hasan saabit na hoj aae'n.

⑧ Okaadwi ne kaha: "*Khud Hazrat Abu Huraira ﵁, Aap ﷺ ke baad jo namaaz padha karte the, us mein raful yadain nahi karte the*". (Majma Rasaail: V4 P191)

Halaanke in alfaaz ke saath ek riwayat bhi zakhira e hadees mein maujood nahi hai.

Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibaani (*zaeef, ba-qaul Ibne Maeen*) ki Muwatta Imam Muhammad (P90) se adm e zikr waali ek riwayat likh dena iski daleel nahi ke Syedna Abu Huraira ﵁ raful yadain nahi karte the. Juzz Raful Yadain (H22) mein ba-sanad e sahih maujood hai ke Abu Huraira ﵁ ruku se pehle (aur baad) raful yadain karte the.

⑨ Ghair mustanad kitaab *Al Mudawwana* (V1 P71) par "*Ibne Wahab o Ibn al-Qaasim an Maalik an Ibne Shihab an Saalim bin Abdullah an Abeehi*" ki sanad se ek mukhtasar riwayat maujood hai ke:

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يرفع يديه حذومنكبيه إذا افتتح التكبير للصلوة.

Be-shak Rasool Allah ﷺ jab namaaz mein takbeer iftitaah kehte (to) apne dono haath kandho'n tak uthaate the.

Iska tarjuma Okaadwi Saahab ne darj e zel likha hai: "*Hazrat Abdullah bin Umar ﵁ se riwayat hai ke be-shak Rasool Allah ﷺ mein <u>sirf</u> pehli takbeer ke waqt <u>hi</u> raful yadain karte the*". (Majma Rasaail: V4 P217)

Halaanke "*sirf*" aur "*hi*" ke alfaaz Okaadwi Saahab ne khud ghad liye

hain. Hadees e mazkoor mein unka koi wujood nahi hai.

Yaad rahe ke *Al Mudawwana* waali riwayat *Muwatta Ibn al-Qasim* (H59) mein ruku se pehle aur baad waale raful yadain aur riwayat Ibne Wahab Ind al-Bayhaqi (V2 P69) mein 'واذا كبر للركوع' waale raful yadain ke saath maujood hai. Jiska waazeh matlab yehi hai ke Ibne Wahab o Ibn al-Qasim waali riwayate'n isbaat raful yadain ki daleel hain. Jinhe'n *Al Mudawwana* ke majhool raawiyo'n ne mukhtasaran bayan kar diya hai.

⑩ Imam Ataa bin Abi Rabaah ke baare mein Okaadwi ne kaha: "*Maine kaha Sire se ye hi saabit nahi ke Ataa ki mulaqaat 200 sahaba se hui ho aur ye to bilkul hi ghalat hai ke Ibne Zubair ﷺ ke watq tak kisi ek shahr mein 200 sahaba maujoo ho'n*". (Tahqiq Masla Ameen: P44; Majma Rasaail: V1 P156 [Oct 1991])

Doosre muqaam par Okaadwi ne elaan kiya ke: "*Makka Mukarrama bhi islam aur musalmano ka markaz hai. Hazrat Ataa bin Abi Rabah yaha'n ke mufti hain. 200 Sahaba Kiraam ﷺ se mulaqat ka sharf haasil hai*". (Namaz e Janaza Mein Surah al-Faatiha Ki Sharai Haisiyat: P9; Majma Rasaail: V1 P265)

In dono mutazaad baato'n mein pehli baat mein Okaadwi Saahab bilkul ghalat hain. Ye zaahir hai ke Juzz Raful Yadain ke is muqaddama mein unke tamaam jhooto'n ka ahaata na-mumkin hai. Unke akazeeb o iftira-aat ke taaruf ke liye alaahada kitaab ki zaroorat hai.

Okaadwi Saahab Ke Chand Mughaltaat Ka Jaaeza:

① Sahih Bukhari o Sahih Muslim ki ahadees ke muqaable mein Okaadwi Saahab *Musnad Imam Azam* naami kitaab ke hawale ba-kasrat pesh karte rehte hain. Masalan dekhiye *Juzz Raful Yadain Ba-Tahrifaat al Okaadwi* P241 waghaira.

"*Musnad Imam e Azam*" *naami kitaab ke muqaddame mein likha hua hai ke: 'Is waqt jis kitaab ka tarjuma Musnad Imam Azam ke naam se pesh kiya ja raha hai, ye dar-haqiqat Imam Abdullah Harithi ki taaleef hai, jiska ikhtisaar Allama Haskafi ne kiya hai'*. (Musnad Imam Azam: P24 [Idaara Nashariyat e Islam, Urdu Bazar Lahore edtion])

Abdullah bin Muhammad bin Yaqoob al-Harithi mashoor kazzaab o

wazzaa tha. (Kaha jaata hai ke) Abu Saeed ar-Ruwaas ne kaha:

يتهم بوضع الحديث.

Ye shakhs waza e hadees[1] ke saath muttaham[2] hai. (Daleel)

(Marwi hai ke) Ahmad as Sulaimani ne kaha:

كان يضع هذا الاسناد على هذا المتن. الخ.

Ye shakhs ek (1) sanad ghadkar doosre matan par laga deta tha. (Daleel)

Abu Zura Ahmad bin al-Hussain ar-Raazi ne kaha: *Zaeef* (hai). Is par Haakim, Khaleeli aur Khateeb Baghdadi ne bhi jarh ki hai. (Dekhiye Lisaan-ul-Meezaan: V3 P349 ت 4816)

Imam Abu Ahmad al Haafiz ne kaha: 'الأستاذ يتسج الحديث' "*Ye ustaad tha. Hadeese'n banaata tha*". (Kitab al Qirat lil Bayhaqi: P155 H367

Yaane ye shakhs jhoot bolne aur ahadees ghadne mein bada ustaad tha. Baad waale logo'n ne ye ustaadi ki hai ke Harithi *kazzaab* se lekar Imam Abu Hanifa tak jo asaneed thee'n, unko hazaar kar diya hai. Dekhiye Musnad Imam Azam (P25) taake baad waale log kisi qism ki tahqiq na kar sake'n. Ab is mauzu o manghadat kitaab ko *Musnad Imam Azam* ke naam se dunya mein phailaya ja raha hai. Usi man-ghadat *Musnad* ke P91 par ek hadees likhi hui hai ke: "*Maine Rasool Allah ﷺ ko qaum ke ghoore (kooda) par khade ho kar peshaab karte hue dekha*".

Us *Musnad Harithi* mein baith kar peshab karne waali riwayat mujhe nahi mili!

② Okaadwi likhta hai ke: "*Muwatta mein* 'اذا كبر للركوع' *'iza kabbar lir ruku' nahi hai, aur Imam Bukhari ne ye izaafa kar liya hai*". (Juz: P270)

Halaanke Muwatta (riwaayat Ibn al-Qaasim as-Siqa P113 aur riwaayat Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibani Zaeef: P89 par 'اذا كبر للركوع' *'iza kabbar lir ruku'* ke alfaaz maujood hain. Imam Bukhari ne izaafa nahi kiya, balke riwayat bayan kardi hai. Maaloom hua ke deobandi hazraat

---

[1] T: (وضع حديث) Hadees ghadna, yaane Nabi-e-Kareem ﷺ par jhooti baat mansoob karna [RSB]
[2] T: (مُتَّهَم) Jis par tohmat lagaai jaae, jis par ilzaam lagaaya jaae [RKT]

mohaddiseen e kiraam ke bhi gustaakh hain.

③ Okaadwi Saahab aur unki party ke log raful yadain ke silsila mein adm e zikr waali riwayato'n se bhi masla kasheed[1] karne ki koshish karte hain, halaanke Noor-ul-Aenain mein mustaqil baab ke zariye is istidlaal ka radd kar diya gaya hai. (Noor-ul-Aenain: [qadeem P120]; [jadeed P147]; neez dekhiye Al Jauhar an-Naqi: V4 P317)

④ Baaz riwayaat mein shagird apne ustaad se masla ya daleel poochte hain, Okaadwi Saahab waghaira aise sawaal o jawab se tark ya sunnat e sahiha ki mukhalifat taraashne ki koshish karte hain. Syedna Abdullah bin Umar ﷺ tawaaf e kaaba mein dono ruknaan e yamani ko choote aur doosre rukno'n ko na choote…. Ilkh to Obaid bin Juraij ne sawaal kar diya: "*Maine aapko 4 aise kaam karte dekha hai, jo aapke doosre saathi nahi karte.. ilkh*". (Sahih Bukhari: V1 P28 H166)

To Syedna Ibne Umar ﷺ ne use ahadees suna kar mutmaeen kar diya. Is sawaal o jawab se ye masla nikalna ke *"arkaan e yamaani ko choona ghalat ya matrook hai".* Okaadwi jaise logo'n ka hi kaam hai.

Chand Ahem Baate'n:

① Ek riwayat ki sanad ya matan ki taaeed doosri sanad o matan se ho rahi ho to use *'shaahid'* kehte hain, ba-sharteke dono ka mafhoom taqriban ek jaisa ho masalan hadees: 'لا تقبل صلوة بغير طهور' (Muslim: 224 [a'an Ibne Umar ﷺ]) Ka behtareen shahid hadees: 'لا تقبل صلوة أحدكم إذا أحدث حتى يتوضأ' (Muslim: 225; Buqhari: 135 [a'an Abu Huraira ﷺ])

Mutaqaddimeen ke nazdeek shaahid aur mutaaba-at mein koi khaas farq nahi hai. (Nukhbatul Firk: P56; Mojam Mustalahaat-ul-Hadees wa Lataaif-ul-Asaneed li Mohammad Ziya ur Rahman al-Aazmi: P201)

② Mutaaba-at: Masalan Sufyan bin Uyayna ne Zohri an Saalim an Abeeh ki sanad se raful yadain qabl ar ruku o baad waali hadees bayan ki hai. Yehi hadees Imam Maalik ne: Zohri an saalim an abeeh ki sanad se isi mafhoom ke saath bayan ki hai. Mohaddiseen ke nazdeek Imam Maalik ne Sufyan bin Uyayna ki aur Sufyan ne Imam Maalik ki mutaaba-at ki hai.

---

[1] T: (كَشِيد) Akhaz karna, haasil karna, lena [RKT]

③ Sajda e Sajdatain:

Syedna Ibne Umar ﷺ farmate hain:

صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم سجدتين قبل الظهر... الخ.

Maine Nabi ﷺ ke saath Zohar se pehle do (2) sajde (yaane do (2) rakat) namaaz padhi. (Sahih Bukhari: V1 P156 H1172; Sahih Muslim: V1 P252)

Yaha'n *sajdatain* se muraad *rakatain* hai jaisa ke darsi Sahih Bukhari ke nuskhe par likha hua hai aur Master Ameen Okaadwi ke haashiya ke saath Sahih Bukhari ka jo tarjuma ma' at-Tahrifaat shaaya hua hai. Us mein bhi sajdatain ka tarjuma "do (2) rakat" hi kiya gaya hai. (V1 P555 H1103 Mutarjim: Zahoor Abdul Baari Azmi Deobandi [Maktaba Madaniyya, Lahore edition])

Maaloom hua ke sajda se muraad rakat aur sajdatain se muraad rakatain bhi hoti hain. Lihaaza jin riwayaat mein sajdatain ke baad raful yadain ka zikr hai, unse muraad rakatain ke baad waala raful yadain hai. Jaisa ke doosri riwayaat se saabit hai.

④ Usool e hadees mein ye masla tae-shuda hai ke mudallis ki tasreeh e samaa' ke baghair (masalan a'n) waali riwayat zaeef hoti hai, ba-sharteke:

Alif: Raawi ka mudallis hona saabit ho. Agarche sirf ek dafa hi kyoun na ho.

Baa: Riwayat e mazkoora, Sahih Bukhari o Sahih Muslim ke alaawa ho.

Dekhiye Muqaddama Ibne Salaah: P161, Taiseer Mustalah al-Hadees: P83, Kutub Usool-ul-Hadees waghaira.

Sarfaraz Khan Safdar Deobandi Saahab farmate hain: "*Mudallis raawi a'n se riwayat kare to hujjat nahi. Illa ye ke wo tahdees kare ya uska koi siqa mutaabe*[1] *ho. Magar ye yaad rahe ke sahihain mein tadlees muzir nahi aur wo doosre turq se samaa' par mahmool hai*". (Khazaain as-Sunan; V1 P1)

Ameen Okaadwi Saahab ne mudallis ke ananah (عنعنه) ki wajah se

[1] T: (مُتابِع) Ek (1) raawi koi hadees bayan kare aur doosra raawi uske muwaafiq doosri hadees bayan kare to doosri hadees ko mutaabe kahenge [RKT]

ahadees ko zaeef qaraar diya hai. (Dekhiye Tajalliyaat e Safdar V3 P93, 318 [Jamiat Ashaa-at-ul-Uloom-ul-Hanafiyya, Faislabad edition]) waghaira. Inhi mudallis raawiyo'n mein se Imam Sufyan Sauri hain, jo tadlees ke saath mashoor hain.

Ham ne bahut se ulama ko dekha hai wo bidatiyo'n ko tauba karate the, pas agar wo tauba kar lete to fabiha. Warna wo unhe'n apni majaalis se nikaal dete the. Abdullah bin Az-Zubair (Ahmadi) ne Sulaiman bin Harb se jab wo Makkah mein qaazi the, baat ki ke baaz ahlur raae ko paband kar diya jaae to Sulaiman (bin Harb) ne use paband kar diya. Wo (mukar hadees o raae-parast) Makkah mein fatwa nahi de sakta tha, hatta ke Ise (zaleel o ruswa ho kar) Makkah se nikalna pada.

❶ Tambeeh: Asal qalmi nuskhe mein Amr bin al-Muhajir hai, jabke hindi makhtoote aur aam matbuaat mein Umar bin al-Muhajir hai. Jo ke naasikh ka wahm hai, mazeed tahqiq ke liye dekhiye At Tamheed: V9 P219; Musnad Umar bin Abdul Aziz lil Baghindi (10); aur Shiaar Ashab-ul-Hadees lil Haakim: (51 tahqiqi)

❷ Iqtida ba-daleel paerawi aur taqleed be-daleel paerawi ko kehte hain. Dekhiye Aalaam al-Muwaqqieen aur Ashraf Ali Thanwi Saahab ki Malfuzaat Hakeem-ul-Ummat: V3 P159 Malfooz # 228.

١٨. حدثنا مالك ابن إسماعيل: ثنا شريك عن ليث عن عطائ قال: رأيت الن عباس و ابن الزبير و أبا سعيد و جابراً يرفعون أيديهم إذا افتتحوا الصلاة و إذا ركعوا.

---

[1] T: Ye khorasaan ka ek (1) ahem-tareen shahr tha aur ye maujooda Afghanistan ka sabse qadeem shahr hai. [RSB]

[2] T: Bilaad-e-shaam, yaane Palestine, Jordan, Lebanon, Sinai Peninsula, Syria, aur ghaasib yahoodi riyaasat Israel. In sab mumaalik ko mila kar Bilaad-e-Shaam, ya arabi mein "بلاد الشام" kaha jaata tha, ye ek ghair-waazeh taareekhi istilaah hai. [RSB]

[18] Hame'n Maalik bin Ismail ne hadees bayan ki, hame'n Shareek (al-Qaazi) ne Lais (bin Abi Sulaim) a'n Ataa (bin Abi Rabah) se Hadees bayan ki, unho'n ne kaha: Maine Ibne Abbas, Ibne az-Zubair, Abu Saeed (al-Khudri) aur Jaabir (bin Abdullah al-Ansari) ko shuru namaaz aur ruku ke waqt raful yadain karte dekha hai. ❶❷❸❹❺ (Hasan)

❶ Iski sanad Shareek aur Lais bin Abi Saleem ki wajah se zaeef hai. Lekin Ibne Abbas H21, Ibne az-Zubair (As Sunan al-Kubra lil Bayhaqi: V2 P73) se raful yadain sahih saabit hai.

❷ Jaabir waali riwayat Sunan Ibne Majah aur Musnad Siraj (Qalmi P25 H92) par sahih sanad se maujood hai.

❸ Saeed bin Jubair se saabit hai ke Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Al Bayhaqi: V2 P75; Noor-ul-Aenain: P125-127)

❹ Abu Saeed al-Khudri رضي الله عنه Sahaba Kiraam رضي الله عنهم mein se hain. Lihaaza darj e baala riwayat in shawahid ki wajah se hasan hai

❺ Tambeeh: Ibne Umar aur Abu Saeed al-Khudri se tark e raful yadain saabit nahi hai. Tark ka raawi Atiya al-Aufi zaeef, shia aur bahut bada mudallis tha. (Dekhiye Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaira). Lihaaza Nasb ar-Raaya: (V1 P406) waali riwayat munkar o mardood hai

حدثنا محمد بن الصلت: ثنا أبو شهاب عبدربه عن محمد بن إسحٰق عن عبدلرحمٰن الأعرج عن أبي هريرة أنه كان إذا كبر رفع يديه (ق ٥) و إذا ركع و إذا رفع رأسه من الركوع.

[19] Hame'n Muhammad bin as-Salat ne hadees bayan ki, hame'n Abu Shihab Abdarba ne Muhammad bin Ishaq a'n Abdur Rahman al Arj a'n Abi Huraira (ki sanad) se hadees bayan ki. Beshak wo (Abu Huraira رضي الله عنه) jab takbeer kehte to raful yadain karte the aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate (to raful yadain karte the). (Sahih. Is riwayat ki sanad Muhammad bin Ishaq ki tadlees ki wajah se zaeef hai. Lekin Hadees @ 22 iska shahih shaahid hai, jiski roo se ye riwayat bhi sahih hai)

٢٠. حدثنا مسدد: ثنا عبدالواحد ابن زياد عن عاصم الأحول، قال: رأيت أنس بن مالك إذا افتتح الصلاة كبر و رفع يديه و يرفع كلما ركع و رفع رأسه من الركوع.

[20] Hame'n Musaddad ne hadees bayan ki: hame'n Abdul Waahid bin Ziyaad ne hadees bayan ki, unho'n ne Aasim al-Ahwal se, unho'n ne kaha: maine Anas bin Malik ko dekha aap jab namaaz shuru karte to takbeer kehte aur yr karte aur jab ruku karte aur ruku se sar uthaate to raful yadain karte. (Iski sanad Sahih hai, neez dekhiye Hadees Number 65)

٢١. حدثنا مسدد: ثنا هشيم عن أبي حمزة قال رأيت ابن عباس يرفع يديه حيث كبر و إذا رفع رأسه من الركوع.

[21] Hame'n Musaddad ne hadees bayan ki, hame'n Hasheem ne Abu Hamza se hadees bayan ki. (Abu Hamza ne) kaha: Maine Ibne Abbas ko raful yadain karte dekha hue hai. Jab aap ne takbeer kahi aur jab ruku se sar uthaaya. (Sahih hai)

❶ Hasheem bin Basheer ne simaa ki tasreeh kardi hai aur Abu Hamza Imran bin Abi Ataa jamhoor mohaddiseen ke nazdeek siqa o sadooq hai. Aur Sahih Muslim ka raawi hai, lihaaza ye sanad hasan hai. (Iske shawaahid ke liye dekhihye Noor-ul-Aenain: P125)

❷ Tambeeh: Abu Hamza Nasar bin Imran az-Zabaee al-Basri sihaah-sitta ka markazi raawi aur bil-ijma siqa hai. (Dekhiye Tehzeeb-ul-Kamal: V19 P70-71) Ise majhool kehna qatan ghalat hai. Magar yaad rahe ke wo is hadees ka raawi nahi hai.

٢٢. حدثنا سليمان ابن حرب: ثنا يزيد بن إبراهيم عن قيس بن سعد عن عطاء قال: صليت مع أبي هريرة فكان يرفع يديه إذا كبر و إذا ركع (و إذا رفع).

[22] Hame'n Sulaiman bin Harb ne hadees bayan ki: Hame'n Yazeed bin Ibrahim ne Qais bin Saad se, unho'n ne Ataa (ibne Abi Rabah) se hadees bayan ki. (Ataa bin Abi Rabah ne) kaha: maine Abu Huraira ﵁ ke saath namaaz padhi hai, wo raful yadain karte jab takbeer kehte aur jab ruku karte (aur jab uthte). (Iski sanad sahih hai aur bracket ke alfaaz doosre qalmi nuskhe se liye gae hain. Asal makhtoote aur hindi makhtoote dono mein Qais bin Saad hi hai)

٢٣. حدثنا مسدد: حدثنا خالد: ثنا حصين عن عمرو بن مرة قال: دخلت مسجد حضر موت فإذا علقمة بن وائل يحدث عن أبيه. قال: كان انبي صلى الله عليه وسلم يرفع يديه قبل الركوع و بعده.

[23] Hame'n Musaddad ne hadees bayan ki, hame'n Khalid (ibne Abdullah) ne hadees bayan ki: Hame'n Hussain ne Amr bin Murrah se hadees bayan ki. Unho'n ne kaha: Main Hadr-maut ki masjid mein daakhil hua to Alqama bin Waail apne baap (Waael bin Hujr) se hadees bayan kar rahe the, unho'n ne farmaya: Nabi ﷺ ruku se pehle aur baad raful yadain karte the. (Sahih hai)

٢٤. حدثنا خطاب بن عثمان: ثنا إسماعيل عن عبدربه بن سليمان ابن عمير قال: رأيت أم الدرداء ترفع يديها فى الصلاة حذو منكبيها.

[24] Hame’n Khattab bin Usman ne hadees bayan ki, hame’n Ismail bin Ayaash ne Abdariya bin Sulaiman bin Umair se hadees bayan ki. Unho’n ne kaha: Maine Umme Darda ko dekha, wo namaaz mein apne kandho’n tak raful yadain karti thee’n. (Hasan hai. Ye riwayat At Taareekh al-Kabeer lil Bukhari: V6 P78 mein bhi maujood hai)

٢٥. حدثنا محمد بن مقاتل: ثنا عبدالله بن المبارك: أنا إسماعيل: حدثني عبد ربه بن سليمان بن عمير قال: رأيت أم الدرداء ترفع يديها فى الصلاة حذو منكبيها حين تفتتح الصلاة و حين تركع و إذا قال: سمع الله لمن حمده، رفعت يديها و قالت: ربنا لك الحمد.

قال البخاري: و نساء بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم هن أعلم من كثير هؤلاء حين رفعن أيديهن فى الصلاة.

[25] Hame’n Muhammad bin Maqaatil ne hadees bayan ki: Hame’n Abdullah bin al-Mubarak ne hadees bayan ki, hame’n Ismail (bin Ayaash) ne kahbar di: Mujhe Abdariya bin Sulaiman bin Umair (Shaami) ne hadees bayan ki. Kaha: Maine Umme Darda ko dekha wo namaaz mein apne kandho’n tak raful yadain karti thee’n jab namaaz shuru kartee’n aur jab ruku kartee’n. Aur jab (Imam) Samee Allahu Liman Hamida kehta to raful yadain kartee’n aur farmati thee’n. Rabbana Lakal Hamd. ❶❷ (Iski sanad Hasan hai. Ye riwayat At Taareekh-ul-Kabeer: V6 P78 mein bhi maujood hai)

Bukhari ne kaha: Nabi ﷺ ke baaz Sahaba ki biwiya’n in logo’n ki ba-nisbat ziyaada ilm waali thee’n (kyounke) wo namaaz mein raful yadain karti thee’n

❶ Tambeeh # 1: Abdarba ko Ibne Hibban: V7 P153 aur Marwan bin Muhammad ad-Dimishqi ne siqa kaha hai. (Taareekh Dimishq Li Abi Zurah ad-Dimishqi # 650

❷ Tambeeh # 2: Ismail bin Ayaash ki shamiyo’n se riwayat Hasan o Qawi hoti hai. (Dekhiye Aam kutub e asma ur rijaal masalan Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaia. Aur Haqaaiq as-Sunan az Ifaadiyat Abdul Haq Haqqani Deobandi: V1 P497)

٢٦. حدثنا إسحٰق بن ابراهيم الحنظلي: ثنا محمد بن فضيل عن عاصم بن كليب عن محارب بن دثار قال: رأيت ابن عمر يرفع يديه فى الركوع، فقلت له في ذلك، فقال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام من الركعتين كبرو رفع يديه.

[26] Hame'n Ishaq bin Ibrahim al-Hanzali (Ibne Raahwe) ne hadees bayan ki: Hame'n Muhammad bin Fuzail (bin Ghazwaan) ne Aasim bin Kulaib se unho'n ne Muhaaribi bin Disaar se hadees bayan ki. (Muhaarib ne) kaha: Maine Ibne Umar ko Ruku se pehle raful yadain karte hue dekha hai. Maine uske baare main unse baat ki to unho'n ne farmaya: Rasool Allah ﷺ jab do (2) rakat se uth-te to takbeer kehte aur raful yadain karte the. ❶ (Iski sanad Sahih hai)

❶ Muhaarib bin Disaar ki is riwayat mein ruku ke baad waale raful yadain ka bhi zikr hai. Dekhiye Hadees Number 48.

٢٧. حدثنا مسلم بن إبراهيم: ثنا شعبة: ثنا عاصم بن كليب عن أبيه عن وائل بن حجر الجضرمي أنه صلى مع النبي صلى الله عليه وسلم فلما أن كبر رفغ يديه، فلما أراد أن يركع رفع يديه

قال البخاري: ويروى عن عمر بن الخطاب عن النبي صلى الله عليه وسلم و عن جابر بن عبدالله عن النبي صلى الله عليه وسلم، و عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم، و عن عبدالله بن عمير عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم، و عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم، و عن أبي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كان يرفع يديه عند الركوع وإذا رفع رأسه، قال: البخاري: وفيما ذكرنا كفاية لمن يفهمه إن شاء الله تعالىٰ.

[27] Hame'n Muslim bin Ibrahim ne hadees bayan ki: Hame'n Shu'ba ne hadees bayan ki: Hame'n Aasim bin Kulaib ne hadees bayan ki apne baap (Kulaib) se unho'n ne Waael bin Hujr al-Hadhrami se. Unho'n ne Nabi ﷺ ke saath namaaz padhi. Pas jab aapne takbeer kahi raful yadain kiya. Phir jab ruku ka iraada kiya to raful yadain kiya. (Iski sanad sahih hai)

(Imam) Bukhari ne farmaya: Umar bin Khattab, Jaabir bin Abdullah, Abu Huriara, Abdullah bin Umari, Ibne Abbas aur Abu Musa رضي الله عنهم se marwi hai ke unho'n ne Nabi ﷺ se bayan kiya ke beshak aap ruku ke waqt aur ruku se sar uthaakar raful yadain karte the. (Imam) Bukhari ne kaha: Jo soojh boojh rakhta hai, uske liye yehi kaafi hai, jo ham ne zikr kar diya hai. In Sha Allah Ta'ala. ❶❷❸

❶ Ise Ibne Khuzaima: H497 & H698 ne sahih qaraar diya hai

❷ Tambeeh: Imam Bukhari ke zikar-karda Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ki aksar marwiyaat isi kitaab, kutub Bayhaqi o deegar kutub e hadees mein maujood hain. Masalan Syedna Umar رضي الله عنه ki riwayat Sharh Tirmizi LI Ibne Syed an-Naas: V2 P217, Musnad al-Farooq li Ibne Kaseer: P165-166; Nasb ar-Raaya: V1 P416 waghaira mein maujood hai.

❸ Neez dekhiye Noor-ul-Aenain: P194-203 (second edition)

٢٨. أنا محمد بن مقاتل: ثنا عبدالله عن ابن جريج قراءة قال: أخبرني الحسن بم مسلم أنه سمع طاوساً يسأل عن رفع اليدين فى الصلاة قال: رأيت عبدالله و عبدالله و عبدالله يرفعون أيديهم فى الصلاة، لعبدالله بن عمر و عبدالله بن عباس و عبدالله بن الزبير. قال طاوس: فى التكبيرة الأولى التي للإستفتاح باليدين أرفع مما سواهما بالتكبير قلت لعطاء: أبلغكم أن التكبيرة الأولى أرفع مما سواهما من التكبير؟ قال: لا.

قال البخاري: ولو تحقق حديث مجاهد أنه لم ير ابن عمر يرفع يديه لكان حديث طاوس وسالم و محارب بن دثار و أبى الزبير حين زأوه أولى

لأن ابن عمر رواه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم يكن يخالف الرسول صلى الله عليه وسلم مع مارواه أهل العلم من أهل مكة والمدينة واليمن والعراق يرفع يديه.

[28] Hame’n Muhammad bin Maqaatil ne khabar di: Hame’n Abdullah (bin al-Mubarak) ne hadees bayan ki. Ibne Juraij se ba-zariya qirat (yaane ye riwayat Ibne Juraij ko padh kar sunai gai, Ibne Juraij ne) kaha: Mujhe Hasan bin Muslim ne khabar di, unho’n ne Taawoos ko (farmate hue) suna (jab) unse namaaz mein raful yadain ke baare mein poocha ja raha tha. To (Taawoos ne) kaha: Maine Abdullah aur Abdullah aur Abdullah ko namaaz mein raful yadain karte hue dekha hai. Yaane Abdullah bin Umar aur Abdullah bin Abbas aur Abdullah bin az-Zubair. Taawoos ne shuroo namaaz ki pehli takbeer ke baare mein haatho’n se bataaya ke doosri takbeero’n se use ziyaada buland uthaao. (Ibne Juraij ne kaha) maine Ataa (bin Abi Rabaah) se poocha: Kya aapko ye baat (aslaaf se) pohonchi hai ke pehli takbeer mein doosri takbeero’n ki ba-nisbat (raful yadain) ziyaada buland uthaaya jaae? To unho’n ne farmaya: Nahi. (Iski sanad Sahih hai.)

(Imam) Bukhari ne kaha: Agar mujahid (se mansoob Abu Bakr bin Ayaash) ki hadees saabit ho jaae ke unho’n ne Ibne Umar ko raful yadain karte hue nahi dekha to Taawoos, Saalim, Muhaarib bin Disaar aur Abu az-Zubair ki (bayan-karda) hadeese’n ziyaada raajeh hongi, kyounke unho’n ne (Ibne Umar ko raful yadain karte hue) dekha hai. (Is par tafseeli kalam hadees number 16 ke tahat guzar chuka hai, ke Abu Bakr bin Ayaash رحمه الله ki riwayat saabit hi nahi hai. Walhamdulillah)

(doosri wajah ye hai ke) Ibne Umar ne Ise Rasool Allah ﷺ se bayan kiya hai. Pas wo Rasool Allah ﷺ ki mukhalifat nahi karte the. Mazeed ye ke Makkah, Madina, Yemen aur Iraq ke ulama ne riwayat kiya hai ke Aap

raful yadain karte the.

حتى لقد حدثني مسدد قال: ثنا يزيد بن زريع عن شعبة عن قتادة عن الحسن (ق ٦) قال: كان أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم كأنما أيديهم المراوح يرفعو نها إذا ركعوا و إذا رفعوا رؤوسهم.

[29] Hatta ke yaqinan mujhe hadees bayan ki Musaddad ne, kaha; hame'n hadees bayan ki Yazeed bin Zaree' ne Shu'ba se unho'n ne Qataada se unho'n ne Hasan (Basri) se. Unho'n ne kaha: Nabi ﷺ ke Sahaba jab ruku karte aur jab (ruku se) apne sar uthaate to is tarah raful yadain karte the, goya unke haath pankhe hain. ❶❷❸❹ (Iski sanad Sahih hai)

❶ Tambeeh 1: Asal makhtoote mein Shu'ba hai, jabke doosre makhtoote mein Saeed yaane Ibne Abi Urooba hai.

❷ Tambeeh # 2: Ye riwayat apne shawaahid ke saath sahih hai.

❸ Tambeeh # 3: Shu'ba ki Qataada se riwayat sahih hoti hai, lihaaza Qataada ki tadlees ka eteraaz mardood hai.

❹ Tambeeh # 4: Abu Dawood: V1 P110 ki jis riwayat mein 'ألى صدورهم' iftitaah e namaaz mein seeno'n tak raful yadain ka zikr hai, Qaazi Shareek al-Kufi ki tadlees ki wajah se zaeef hai.

٣٠. حدثنا موسى بن 'سماعيل ثنا أبو هلال عن حميد بن هلال قال: كان أصحاب النبي و صلم إذا صلوا كان أيديهم حيال آذانهم (كأنها) المراوح.

[30] Hame'n Musa bin Ismail ne hadees bayan ki, hame'n Abu Hilaal ne Humaid bin Hilaal se hadees bayan ki. Unho'n ne kaha: Nabi ﷺ ke sahaba jab namaaz padhte to unke haath is tarah kaano'n tak (buland) hote the, goya ke pankhe hain. ❶❷ (Ye riwayat Hasan hai)

(Imam) Bukhari ne kaha: Hasan (Basri) aur Humaid bin Hilaal ne Nabi ﷺ ke sahaba mein se kisi ko bhi mustasna nahi kiya. (Yaane un dono tabaeen ke nazdeek tamaam Sahaba Kiraam رضي الله عنهم baghair kisi istisna ke raful yadain karte the).

❶ Abu Hilaal Muhammad bin Saleem al Basri Zaeef hai. (Dekhiye Tohfatul Aqhwiya P98; Al Hadees, Hazro: 16: P17, lekin sabeqa shahid ke saath ye riwayat Hasan hai. Walhamdulillah

❷ Tambeeh: Taba e Oola mein Abu Hilaal ke baare mein ghalati se Hasan-ul-Hadees waghaira ke alfaaz chap gae the. Jin logo'n ke paas taba oola hai aur islaah kar le'n

٣١. حدثنا محمد بن مقاتل: أنا عبدالله: أنا زائدة بن قدامة: ثنا عاصم بن كليب الجرمي: ثنا أبي أن وائل بن حجر أخبره قال قلت: لأنظرن إلى صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف يصلي؟ قال: فنظرت إليه فقام فكبر و رفع يديه ثم لما أراد أن يركع رفع يديه مثلها ثم رفع رأسه فرفع يديه مثلها، ثم جئت بعد ذلك في زمان فيه برد عليهم جل الثياب تحرك أيديهم من تحت الثياب. قال البخاري: ولم يستثن وائل من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم أحداً إذا صلوا مع النبي صلى الله عليه وسلم أنه لم يرفع يديه.

[31] Hame'n Muhammad bin Maqatil ne hadees bayan ki: Hame'n Abdullah (bin al-Mubarak) ne khabar di: hame'n Zaaida bin Qadaama ne khabar di: Hame'n Aasim bin Kulaib al-Jarmi ne hadees bayan ki: Hame'n mere Abba (Kulaib) ne hadees bayan ki, be-shak Waael bin Hujr ne use khabar di, (Waael ne) kaha: Maine kaha: Main zaroor-biz-zaroor Rasool Allah ﷺ ki namaaz dekhunga. Ke aap kaise padhte hain? (Waael ne) kaha: Phir maine aapko dekha: Aap khade hue to takbeer kahi aur raful yadain kiya phir jab ruku ka iraada kiya to usi tarah raful yadain kiya. Phir (ruku se) sar uthaaya to usi tarah raful yadain kiya. Phir uske baad main saridyo'n ke zamane mein aaya, Sahaba Kiraam رضي الله عنهم par (sardi ki wajah se) chaadare'n thee'n. Unke haath kapdo'n ke neeche se (raful yadain ke liye) harkat kar rahe the. (Iski sanad sahih hai. Ise Ibne Khuzaima: H480, H714; Ibne Hibban: (Mawarid: 485) Aur Ibn al-Jarood: 208 ne Sahih qaraar diya hai)

(Imam) Bukhari ne kaha: Waael ne Nabi ﷺ ke Sahaba Kiraam رضي الله عنهم mein se kisi ek ka istisna nahi kiya ke jab wo Nabi ﷺ ke saath namaaz padhte to kisi (ek sahabi) ne (bhi) raful yadain nahi kiya.

٣٢. قال البخاري: ويروى عن سفيان عن عاصم بن كليب عن عبدالرحمٰن بن الأسود عن علقمة قال: قال ابن مسعود: ألا أصلي بكم صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلّى ولم يرفع يديه إلامرة. وقال أحمد بن حنبل عن يحيى بن آدم: نظرت في كتاب عبدالله بن إدريس عن عاصم بن كليب ليس فيه "ثم لم يعد" فهذا أصح لأن الكتاب أحفظ عند أهل العلم لأن الرجل ربما حدث بشئ ثم يرجع إلى الكتاب فيكون كما فى الكتاب.

[32] Bukhari ne kaha: Sufyan (Sauri) se a'n Aasim bin Kulaib a'n Abdur Rahman bin al-Aswad a'n Alqama (ki sanad) se marwi hai ke unho'n ne kaha: Ibne Masood ne farmaya: Kya main tumhe'n Rasool Allah ﷺ ki namaaz padhkar na bataaou'n? Phir unho'n ne namaaz padhi to ek dafa ke alaawa raful yadain nahi kiya. ❶

Aur Ahmad bin Hambal ne Yahya bin Adam se bayan kiya ke: Maine Abdullah bin Idrees ki Aasim bin Kulaib se kitaab mein dekha hai, us mein “phir dobaara nahi kiya” ke alfaaz nahi hain. Aur (Abdullah bin Idrees ki) ye riwayat ziyaada sahih hai, kyounke ulama ke nazdeek kitaab ziyaada mehfooz hoti hai. Kyounke aadmi baaz auqaat koi baat karta hai, phir jab (apni kitaab) ki taraf rujoo karta hai, to (sahih) wohi hota hai, jo kitaab mein hai. ❷ (Ye riwayat Sufyan Sauri ki tadlees ki wajah se zaeef hai)

❶ Dekhiye At-Tankeel Limaa Fee Taneeb al-Kausari Min al-Abateel: V2 P20, Raful Yadain ke munkar deobandi ne ek hadees ko Abu Zubair ki tadlees ki wajah se zaeef qaraar diya hai. Dekhiye Hadees Number 56 bilkul yehi haal Sufyan Sauri ki tadlees ka hai.

❷ Tambeeh: Abdullah bin Masood ﷺ ki aane waali hadees # 33 “Raful Yadain ka phir ruku kiya”, se saabit hai ke Abdullah bin Masood ﷺ se pehle waala raful yadain karte the. Walhamdulillah

٣٣. حدثنا الحسن بن الربيع: ثنا ابن إدريس عن عاصم بن كليب عن عبدالرحمٰن بن الأسود: ثنا علقمة أن عبدالله قال: علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم الصلاة فقام فكبر و رفع يديه ثم ركع فطبق يديه جعلهما بين ركبتيه فبلق ذلك سعداً فقال: صدق أخي، قد كنا نفعل ذلك في أول الإسلام ثم أمرنا بهذا. قال البخاري: وهذا المحفوظ عند أهل النظر من حديث عبدالله بن مسعود.

[33] Hame’n al-Hasan bin ar-Rabeea ne hadees bayan ki, hame’n Ibne Idrees ne hadees bayan ki Aasim bin Kulaib se unho’n ne Abdur Rahman bin al-Aswad se, hame’n Alqama ne Hadees bayan ki. Beshak Abdullah (bin Masood) ne farmaya: Hame’n Rasool Allah ﷺ ne namaaz sikhlaai hai. Pas wo khade hue to takbeer kahi aur raful yadain kiya. Phir ruku kiya to apne dono haatho’n ko tatbeeq karte hue apne dono ghutno’n ke darmiyan rakh diya.

Phir Saad (bin Abi Waqaas) ko ye baat pohonchi to unho’n ne farmaya: Mere bhai ne sach kaha hai. Ham islam ke ibtidaai daur mein isi tarah karte the, phir hame’n iska hukm diya gaya (ke apne haath apne ghtuno’n par rakhe’n). (Iski sanad sahih hai. Ise Ibne Khuzaima (196); Daraqutni: V1 P339 aur Ibn al-Jarood: 196 ne Sahih qaraar diya hai. Sahih Muslim: H534 mein iska ek shahid bhi hai)

Bukhari ne kaha: Mohaqqiq ulama ke nazdeek Abdullah bin Masood ki hadees mein se yehi riwayat mehfooz hai. (Kyounke doosri riwayat Sufyan Sauri ki tadlees ki wajah se zaeef o ghair-mehfooz hai)

حدثنا الحميدي: ثنا سفيان عن يزيد بن أبي زياد ههنا عن ابن أبي ليلىٰ عن ابراء أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يرفع يديه إذا كبر. قال: سفيان: لما كبر الشيخ لفنوه "ثم لم يعد". قال البخاري: كذلك روى الحفاظ من سمع من يزيد بن أبي زياد قديماً منهم: الثوري و شعبة و زهير ليس فيه: ثم لم يعد.

[34] Hame'n Humaidi ne hadees bayan ki: Hame'n Sufyan (bin Uyayna) ne Yazeed bin Abi Ziyaad se hadees bayan ki yaha'n (Abdur Rahman) bin Abi Laila se unho'n ne Baraa (bin Aazib) se ke beshak Nabi ﷺ jab takbeer kehte to raful yadain karte the.

Sufyan (bin Uyayna) ne kaha: Jab (Yazeed bin Abi Ziyaad) Boodha Shaikh ban gaya to (na-maaloom) logo'n ne use "Phir dobaara nahi kiya" ke alfaaz ba-zariya-e-talqeen[1] rataa diye.

(Imam) Bukhari ne kaha: Is tarah, Yazeed bin Abi Ziyaad se qadeem zamane mein sunne waale huffaz e hadees (masalan) Sauri, Shu'ba aur Zohair ne riwayat bayan ki hai. Unho'n ne "phir dobaara nahi kiya" ke alfaaz bayan nahi kiye. ❶ (Ye riwayat Yazeed bin Abi Ziyaad ki wajah se zaeef hai)

❶ Yazeed mazkoor Zaeef, Mudallis, Mukhtalat aur Shia tha. Dekhiye kutub e Asma-ur-Rijaal, Mohaddiseen e Kiraam ka is hadees ke zaeef hone par ittifaaq hai. Dekhiye At Talkhees-ul-Habeer: V1 P221. Baaz logo'n ne Yazeed bin Abi Ziyaad ki mutaaba-at talaash karne ki koshish ki hai, magar mutaaba-at ka raawi Muhammad bin Abi Laila zaeef hai. Dekhiye Hadees Number 36

٣٥. حدثنا محمج بن يوسف: ثنا سفيان عن يزيد بن أبي زياد عن ابن أبي ليلىٰ عن البراء قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم يرفع يديه إذا كبر حذو أذنيه.

[35] Hame'n Muhammad bin Yusuf ne hadees bayan ki, hame'n Sufyan (bin Uyayna) ne Yazeed bin Abi Ziyaad se hadees bayan ki, usne (Abdur Rahman) bin Abi Laila se unho'n ne Baraa (bin Aazib) se unho'n ne farmaya: Nabi ﷺ jab takbeer kehte to kaano'n tak raful yadain karte the. ❶ (Zaeef hai. Dekhiye Hadees Number 34)

---

[1] T: (تَلْقِين) Sikhlaana, taaleem dena [RKT]
Talqeen qubool karna T: (تلقین قبول کرنا) Ye alfaaz aese raawi ke baare mein bole jaate hain jo hadees bayaan karte hue luqma le liya karta tha, yaane kisi ne kaha 'Aap ki ye hadees is tarah hai', to uski baat maan li. Ye is baat ki daleel hai ke use khud yaad nahi, balke doosro'n ke peeche lag jaata hai. [Ye mafhoom Shaikh Khizar Hayat (hafizahullah) ke jawaab se liya gaya hai, mazeed tafseel ke liye dekhiye website www.forum.mohaddis.com [RSB]

❶ Ek deobandi ne “Juzz Raful Yadain” par apni taaleeq mein likha hai ke “Phir yazeed bin Abi Ziyaad se 10 shagirdo’n ne isko mukammal matan se riwayat kiya hai. (8) Shu’ba 160h (Musnad Ahmad: V4 P303”. (P 297) Halaanke Musnad Ahmad: V4 P303 H 18896 par Shu’ba ki riwayat ka matan darj e zel hai.

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم حين افتتح الصلوة رفع يديه

“Yaane Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha jab aapne namaaz shuru ki apne dono haath uthaae”. Is riwayat mein ‘phir dobaara raful yadain nahi kiya’. ‘ونحوه’ ke alfaaz qatan nahi hain. Lihaaza deobandi mazkoor ki “mukammal matan” waali baat 100 feesad jhoot hai

قال البخاري: وروى وكيع عن ابن أبي ليلىٰ عن أخيه عيسى والحكم بن عتيبة عن ابن أبي ليلىٰ عن البراء قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يرفع يديه إذا كبر ثم لم يرفع. قال البخاري: و إنّما روى ابن أبي ليلىٰ هذا من حفظه: فأما من حدّث عن أبن أبي ليلىٰ من كتابه فإنما حدّث (ق٧) عن ابن أبي ليلىٰ عن يزيد فرجع الحديث إلى تلقين يزيد والمحفوظ ماروى عنه الثوري و شعبة و ابن عيينة قديماً.

[36] Bukhari ne kaha: Aur Wakee ne (Muhamamd bin Abdur Rahman) bin Abi Laila se riwayat bayan ki. ‘sne apne bhai Isa aur Hakam bin Utaiba se unho’n ne (Abdur Rahman) bin Abi Laila se unho’n ne Baraa (bin Aazib) se. Unho’n ne kaha: Maine Nabi ﷺ ko dekha hai aap jab takbeer kehte to raful yadain karte, phir raful yadain nahi karte the. (Ye riwayat Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila ke zaeef hone ki wajah se zaeef hai)

(Imam) Bukhari ne kaha: (Muhammad) bin Abi Laila ne ye riwayat sirf apne haafize se (zabani) bayan ki hai. Jis shakhs ne (Muhammad) bin Abi Laila ki kitaab se hadees bayan ki hai to usne (Muhammad) bin Abi Laila se sirf Yazeed (bin Abi Ziyaad) se ye riwayat bayan ki hai, pas ye hadees e Yazeed (bin Abi Ziyaad) ki talqeen tak waapas laut gai hai. Aur mehfooz wohi hai jo Sauri, Shu’ba aur Ibne Uyayna ne (Yazeed se uske) qadeem zamane mein bayan ki hai. ❶

❶ Anwar Shah Kashmiri Deobandi farmate hain: ‘فهو ضعيف عندي كما ذهب إليها لجمهور’ Pas wo mere nazdeek zaeef hai. Jaisa ke jamhoor ka faisla hai. (Faiz-ul-Baari: V3 P168)

قال البخاري: وأما احتجاج بعض من لا يعلم بحديث وكيع عن الأعمئ عن المسيب ابن رافع عن تميم بن طرفة عن جابر بن سمرة قال: دخل علينا النبي صلى الله عليه وسلم و نحن رافعي أيدينا فى الصلاة فقال: مالي أراكم

رافعي أيديكم كأنها أذناب خيل شمس اسكنوا فى الصلاة، فإنما كان هذا فى التشهد لا في القيام كان يسلم بعضهم على بعض فنهى النبي صلى الله عليه وسلم عن رفع الأيدى فى التشهد ولا يحتج بهذا من له حظ من العلم، هذا معروف مشهور لا اختلاف فيه. ولو كان كما ذهب إليه كان رفع الأيدي في أول التكبيرة وأيضاً تكبيرات صلاة العيدين منهياً عنها لأننه لم يستثن رفعاً دون رفع وقدبينه حديث.

[37] Bukhari ne kaha: Baaz be-ilm logo'n ka Wakee ki is hadees se hujjat pakadna jo Amash a'n al Musaiyyib bin Raafe a'n Tameem bin Tarfa a'n Jaabir bin Samrah (ki sanad) se marwi hai. Ke unho'n ne farmaya: Nabi ﷺ hamare paas aae aur hamne namaaz mein apne haath utha rakhe the, to Aap ﷺ ne farmaya: Kya wajah hai ke main tumhe'n dekhta hoo'n, tumne apne haath utha rakhe hain. Goya ke sarkash ghodo'n ki dume'n hain, namaaz mein sukoon ikhtiyaar karo. (Ye hadees sahih hai. Ise Imam Muslim (H430 & H431) ne bhi riwayat kiya hai. Tameem bin Tarfa ki is riwayat mein وهم قعود aur wo baithe hue the, ki saraahat hai. (Musnad Ahmad: V5 P93))

Ye riwayat to sirf tasshahud ke baare mein hai, qiyaam ke baare mein nahi hai. Baaz log (namaaz mein) doosre logo'n ko (haatho'n ke ishare se) salam kehte the, to Nabi ﷺ ne tasshahud uthane se mana farma diya.

Jiske paas ilm ka thoda sa hissa hi hai wo is riwayat se (tark e raful yadain par) hujjat nahi pakadta. Ye baat (tamaam ulama mein) mashoor hai is mein koi ikhtilaaf nahi hai. Aur agar wohi baat hoti jiski taraf ye (jaahil o munkar raful yadain) gaya hai to (namaaz ki) pehli takbeer aur takbiraat e eidain mein bhi raful yadain mana ho jaata. Kyounke is riwayat mein kisi raful yadain ka istisna nahi kiya gaya hai aur is baat ko (aane waali) hadees ne bayan kar diya hai. ❶

❶ Mahmood Hasan Deobandi ne kaha: "Baaqi aznaab-ul-khail ki riwayat se jawab dena ba-roo-e-insaaf durust nahi, kyounke wo slaam ke baare mein hai". (Al Ward ush Shazee: P63; Taqareer Shaikh-ul-Hind: P65)

Muhammad Taqi Usmani Deobandi ne kaha: "Lekin insaaf ki baat ye hai ke is hadees se hanafiyya ka istidlaal mushtaba aur kamzor hai.. ilkh". (Dars e Tirmizi: V2 P36)

Yaha'n hanafiyya se muraad firqa Deobandiya aur firqa Barailwiya hai. Jabke ye dono asal mein Hanafi nahi hain. Maaloom hua ke Mahmood Hasan aur Taqi Usmani ke nazdeek Jaabir bin Samrah رضي الله عنه waali hadees ko raful yadain ke khilaaf pesh karne waale log be-insaaf (aur zaalim) hain. (Mazeed Tafseel ke liye dekhiye: Noor-ul-Aenain: P92-95; Second Edition: P219-221)

٣٨. حدثناه أبو نعيم: ثنا مسعر عن عبيدالله بن القبطية قال: سمعت جابر بن سمرة يقول: كنا إذا صلينا خلف النبي صلى الله عليه وسلم قلنا: السلام عليكم، السلام عليكم و أشار مسعر بيده فقال النبي صلى الله عليه وسلم: ما بال هؤلاء يرمون بأيديهم كأنها أذناب خيل شمس، إنما يكعي أحدهم أن يضع يده على فخذه ثم يسلم على أخيه من عن يمينه و من عن شماله. قال البخاري: فليحذر امرؤ أن يتأول أو يقول على رسول الله صلى الله عليه وسلم مالم يقل، قال الله عزوجل: ﴿فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴾

[38] Hame'n Abu Nuaim ne ye hadees bayan ki: Hame'n Mas-ar ne hadees bayan ki Obaidullah bin al-Qibtiya se, unho'n ne kaha maine Jaabir bin Samrah ﷺ ko farmate hue suna ke ham jab Nabi ﷺ ke peeche namaaz padhte to ham kehte Assalamu Alaikum, Assalamu Alaikum aur Mas-ar (raawi) ne apne haath ke saath ishaara kiya. Pas Nabi ﷺ ne farmaya: In logo'n ko kya ho gaya hai, ye apne haatho'n se aise ishaare kar rahe hain, jaise shareer ghodo'n ki dume'n hain. Tumhare liye yehi kaafi hai ke har aadmi apne haath apni raan par rakhe, phir apne bhai par daae'n aur baae'n taraf salam pherde. (Hadees Sahih hai. Dekhiye Hadees Number 37)

(Imam) Bukhari ne kaha: Us aadmi ko darna chaahiye, jo Rasool Allah ﷺ par aisi baat kehta hai, ya aisi (baatil) taaweel karta hai. Jo ke Aap ﷺ ne nahi kahi. Allah Ta'ala ne farmaya: "Un Logo'n Ko Darna Chaahiye Jo Aapke Hukm Ki Mukhalifat Karte Hain, Ke Kahee'n Un Par Fitna (shirk o kufr) Aur Dardnaak Azaab Na Aajaae". (Surah an-Noor: 63)

٣٩. حجثنا محمد بن يوسف: ثنا سفيان عن عبدالملك قال: سألت سعيد بن جبير عن رفع اليدين فى الصلاة فقال هو شئ تزين به صلاتك.

[39] Hame'n Muhammad bin Yusuf ne hadees bayan ki, hame'n Sufyan ne hadees bayan ki Abdul Malik (bin Abi Sulaiman) se unho'n ne kaha: Maine Saeed bin Jubair se namaaz mein raful yadain ke baare mein poocha to unho'n ne farmaya: Ye aisi cheez hai, jiske saath to apni namaaz ko (khoobsoorat o) muzaiyyan karta hai. ❶ (Hadees Sahih hai)

❶ Imam Bayhaqi ne Sunan Kubra: V2 P75 mein sahih sanad ke saath isi riwayat mein Saeed bin Jubair se riwayat kiya hai ke Sahaba Kiraam ﷺ shuru namaz, ruku ke waqt par (ruku se) sar uthakar raful yadain karte the. Ise Nawavi ne bhi sahih qaraar diya hai. (Al Majma Sharh al Mohzab: V3 P405)

Bayhaqi ka raawi Yaqoob bin Yusuf al-Akhram mashoor Imam aur siqa tha. (Dekhiye

Sunan Kubra lil Bayhaqi: V5 P230; At Taqaiyyud li Ibne Naqta: P125 # 141; Noor-ul-Aenain: P126)
Lihaaza baaz kazzaabeen ka Yaqoob ko 14th, 15th sadee mein ghair-muwassaq[1] samajhna mardood hai

٤٠. أخبرنا محمود: أنا عبدالرزاق أنا ابن جريج: أخبرني نافع أن ابن عمر كان يكبر بيديه حين يستفتح و حين يركع وحين يقول سمع الله لمن حميده و حين يرفع رأسه من الركوع و حين يستوي قائماً. فلت لنافع: كان ابن عمر يجعل الأولى أرفعهن؟ قال: لا. قال أبو عبدالله: ولم يثبت عند أهل النظر ممن أدركنا من أهل الحجاز وأهل العراق منهم عبدالله بن الزبير وعلي بن عبدالل بن جعفر و يحيي ابن معين و أحمد بن حنبل و إسحٰق ابن راهويه، هؤلاء أهل العلم من (بين) أهل زمانهم فلم يثبت عند أحد منهم علم في ترك رفع الأيدي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه لم يرفع يديه.

[40] Hamen Mahmood (Bin Ghailan) ne khabar di: Juraij hame'n Abdur Razzaq ne khabar di, hame'n Ibne Umar ne khabar di, mujhe Naafe ne khabar di, be-shak Ibne Umar jab (namaz) shuru karte to apne dono haatho'n se takbeer kehte aur jab ruku karte aur jab Samiullahu Liman Hamida kehte aur ruku se sar uthate aur jab (doosri rakat se) seedhe khade ho jaate (to raful yadain karte) maine Naafe se kaha: Kya Ibne Umar pehle raful yadain ko dooso'n se ziyada buland karte? To unho'n ne kaha: Nahi.

(Imam) Abu Abdullah (Bukhari) ne farmaya: hamen Hijaz o Iraq ke jitne mohaqqiq ulama ko paaya hai (masalan) un mein Abdullah bin az-Zubair (al-Humaidi), Ali bin Abdullah bin Jaafar (al-Madeeni), Yahya bin Maeen, Ahmad bin Hambal aur Ishaq bin Raahwe hain. Ye apne zamane ke (bade) ulama the. Un mein se kisi ek ke paas bhi tark e raful yadain ka ilm na to Nabi ﷺ se (saabit) hai aur na Nabi ﷺ ke kisi sahabi se ke usne raful yadain nahi kiya. ❶❷❸ (Iski sanad Sahih hai)

❶ Tambeeh # 1: Ye riwayat Musannaf Abdur Razzaq: V2 P68 H2520 mein bhi maujood hai

❷ Tambeeh # 2: Mahmood bin Ghailaan zabardast siqa the, unhe'n Majhool kehna ghalat hai. Dekhiye Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaira

❸ Tambeeh # 3: Doosri rakat se (من مثنىٰ) ke alfaaz Musannaf Abdur Razzaq mein likhe

[1] T: Ghair-motabar, bharose ke qaabil nahi hai [RSB]

hue hain aur Musannaf mein ye izaafa bhi hai ke: ‘و لم يكن بيديه إذا رفع رأسه السجدتين’

٤١. حدثنا محمد بن مقاتل: ثنا عبدالله:: نا هشام عن الحسن و ابن سيرين أنهما كانا يقولان: إذا كبر أحدكم للصلاة فليرفع يديه حين يكبر و حين يرفع رأسه من الركوع و كان ابن سيرين يقول: هو من تمام الصلاة.

[41] Hame’n Muhammad bin Maqaatil ne hadees bayan ki. Hame’n Abdullah (bin al-Mubaarak) ne hadees bayan ki. Hame’n Hisham (bin Hisaan) ne Hasan (Basri) aur (Muhammad) bin Sireen se hadees bayan ki. Wo dono farmate the ke jab tum mein se koi namaaz ke liye takbeer kahe to use takbeer ke waqt aur ruku se sar uthaate waqt raful yadain karna chaahiye. Aur Ibne Sireen farmate the ke ye (raful yadain) namaaz ki takmeel mein se hai. ❶❷ (Is riwayat ki sanad Zaeef hai. Hisham bin Hisaan Mudallis the aur a’n se riwayat kar rahe hain)

❶ Tambeeh # 1: Abdullah se muraad Abdullah bin al-Mubarak hai, dekhiye H25. Lihaaza baaz kazzaabeen ka Abdullah se Abdullah bin Lahiya muraad lena ghalat hai

❷ Tambeeh # 2: Hisham bin Hisaan, Hasan Basri ke mashoor shagirdo’n mein se hai. Dekhiye Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaira.

٤٢. حدثنا أبو اليمان: أنبأ شعيب عن الزهري عن سالم بن عبدالله أن ابن عمر قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم إذا افتتح التكبير فى الصلاة رفع يديه حين يكبر حتى يجعلهما حذو منكبيه و إذا كبر للركوع فعل مثل ذلك و إذا قال سمع الله لمن حمده فعل مثل ذلك وقال: ربنا لك الحمد و لا يفعل ذلك حين يسجد ولا حين يرفع رأسه من السجود.

قال البخاري: وكان ابن المبارك يرفع يديه وهو أكثر أهل زمانه علماً فيما نعرف فلو لم يكن عند من لا يعلم من السلف علماً فاقتدى بابن المبارك فيما اتبع الرسول و أصحابه و التابعين لكان أولى به من أن يثبته بقول من لا يعلم و العجب أن يقول أحدهم بأن ابن عمر كان صغيراً في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم (ق ٨) عليه و سلم ولقد شهد النبي صلى الله عليه وسلم لا بن عمر بالصلاح.

[42] Hame’n Abul Yamaan ne hadees bayan ki: Hamesha Shuaib (bin Abi Hamza) ne Zohri se khabar di, unho’n ne Salim bin Abdullah se, be-shak Ibne Umar ne farmaya: Maine Nabi ﷺ ko dekha. Aap ﷺ jab namaaz mein takbeer iftitaah kehte to takbeer ke waqt apne dono kandho’n ke baraabar raful yadain karte aur jab ruku ke liye takbeer kehte to usi tarah karte aur farmate Rabbana Lakal Hamd aur jab sajda karte to aisa na karte the aur jab sajde se sar uthate to bhi nahi karte the. (Hadees Sahih

hai. Ye riwayat Sahih Bukhari: H738 waghaira mein maujood hai. Is hadees mein Zohri ke Saalim se samaa' ki tasreeh isi kitaab mein bhi maujood hai, dekhiye Hadees Number 47)

(Imam) Bukhari ne kaha: Aur Ibn al-Mubarak raful yadain karte the aur hamare ilm ke mutaabiq wo apne zamane ke sabse bade aalim the. Pas jis be-ilm ke paas salaf (saaliheen) ka ilm nahi hai to use chaahiye ke Ibn al-Mubaarak ki Iqtida (bid-daleel[1]) kare, us mein jis mein (Ibn al-Mubaarak ne) Rasool Allah ﷺ aapke sahaba aur tabaeen ki ittiba ki hai. Ye uske liye behtar hai, isse ke wo be-ilm logo'n ke aqwaal ko (shobada-baazi[2] se) saabit karta phire. (Imam Ibn al-Mubaarak ka raful yadain karna sahih o mutawaatir hai. Dekhiye Sunan Tirmizi aur yehi kitaab: Hashiya # 2 Hadees 46 P45)

Aur is baat par taajjub hai ke in (be-ilmo'n) mein se koi ye kehta hai ke Ibne Umar, Nabi ﷺ ke zamane mein chote the aur tahqiq ye hai ke Nabi ﷺ ne Ibne Umar ke (rajul-e) saaleh hone ki gawaahi di hai. (Hadees Sahih hai. Ye riwayat Sahih Bukhari: H738 waghaira mein maujood hai. Is hadees mein Zohri ke Saalim se samaa' ki tasreeh isi kitaab mein bhi maujood hai, dekhiye Hadees Number 47)

٤٣. حدثنا يحيى بن سليمان: ثنا ابن وهب عن يونس عن ابن شهاب عن سالم بن عبدالله عن أبيه عن حفصة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إن عبدالله بن عمر رجل صالح.

[43] Hame'n Yahya bin Sulaiman ne hadees bayan ki: Hame'n Ibne Wahb ne Yunus (bin Yazeed al-Eeli) se hadees bayan ki, unho'n ne Ibne Shihab (az-Zohri) se unho'n ne Saalim bin Abdullah se unho'n ne apne abba (Abdullah bin Umar) se unho'n ne (Ummul Momineen) Hafsa رضي الله عنها se, ke Nabi ﷺ ne farmaya: Be-shak Abdullah bin Umar nek mard hai. (Ye hadees sahih hai. Ise Bukhari: H3740, 3741 ne Sahih Bukhari mein bhi riwayat kiya hai)

٤٤. حدثنا علي بن عبدالله: ثنا سفيان قال قال عمرو: قال ابن عمر: إني لأذكر عمر حين أسلم فقالوا: صبأ عمر، صبأ عمر، فجاء العاصي بن وائل فقال: صبأ عمر صبأ عمر، فمه؟ فأنا له جار، فتركوه.

قال البخاري: قال سعيد بن المسيب: لو شهدت لأحد أنه من أهل الجنة لشهدت لا بن عمر رضي الله تعلى عنه و قال جابر بن عبدالله: لم يكن أحد ألزم لكريق النبي صلى الله عليه وسلم ولا أتبع من ابن عمر رضي الله عنه.

وقال البخاري: وطعن بعض من لا يعلم في وائل بن حجر، أن وائل بن حجر من أبناء ملوك اليمن و قدم على النبي

[1] T: Daleel ke saath, daleel dekh kar [RSB]
[2] T: (شُعْبَدَه بازى) Chaalaaki, fareb, makkaari [RKT]

صلى الله عليه وسلم فأكرمه وأقطع له أرضاً و بعث معه معاية بن أبي سفيان رضي الله عنه.

[44] Hame’n Ali bin Abdullah (al-Madeeni) ne hadees bayan ki. Hame’n Sufiayn (bin Uyayna) ne hadees bayan ki. Unho’n ne kaha: Amr (bin Dinaar) ne kaha: (Abdullah) bin Umar ne farmaya: Mujhe yaad hai jab (mere Abba) Umar ﷺ musalman hue the. To (kaafir o mushrik) logo’n ne kaha: Umar Saabi ho gae, Umar Saabi (be-deen) ho gae. Phir Aasi bin Waael aaya to usne kaha: Umar Saabi ho gae, Umar Saabi ho gae. To kya hua? Main unka padosi (aur madadgar) hoo’n. To logo’n ne aap (Umar) ko chod diya. (Ise Imam Bukhari ne Sahih Bukhari: H3865 mein bhi isi sanad se riwayat kiya hai)

(Imam) Bukhari ne kaha: Saeed bin al-Musaiyyib ne farmaya: Agar main kisi ke jannati hone ki gawaahi deta, to Ibne Umar ﷺ ke jannati hone ki gawaahi deta aur Jaabir bin Abdullah (al-Ansari ﷺ) ne farmaya: Ibne Umar se badhkar Nabi ﷺ ki sunnat ko laazim pakadne waala aur sabse ziyada aapki ittiba karne waala aur koi na tha. Aur (imam) bukhari ne farmaya: Aur baaz be-ilm logo’n ka Waael bin Hujr ke baare mein taan karna (mardood hai). Be-shak Waael bin Hujr Yemen ke badshaho’n ki aulaad mein se the, wo Nabi ﷺ ke paas tashreef laae to aapne unki izzat o takreem ki thi aur unhe’n zameen ka ek tukda ataa kiya tha aur unke saath Muaawiya bin Abi Sufyan ﷺ ko bheja tha.

٤٥. أخبرنا حفص بن عمر: ثنا جامع بن مطر عن علقمة بن وائل عن أبيه أن النبي صلى الله عليه وسلم أقطع له أرضاً بحضر موت.

قال البخاري: وفصة وائل بن حدر مشهورة عند أهل العلم وما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم في أمره وما أعطاه معروف بذها به إلى النبي صلى الله عليه وسلم مرة بعد مرة. ولو ثبت عن ابن مسعود والبراء و جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم شئ لكان في علل هؤلاء (الذين) لا يعلمون أنهم يقولون إذا ثبت الشئ عن النبي صلى الله عليه وسلم أن رؤساء نالم يأخذوا بهذا و ليس هذا بمأ خوذ فما يريدون الحديث إلا تعللاً برأيهم ولقد قال وكيع: من طلب الحديث كما جاء فهو صاحب سنة ومن طلب الحديث ليقوى هواه فهو صاحب بدعة. يعنى أن الإنسان ينبغي أن يُلقى رأيه لحديث النبي صلى الله عليه وسلم حيث ثبت الحديث ولا يعتل بعلل لا تصح.

[45] Hame’n Hafs bin Umar ne khabar di, hame’n Jaame bin Matr ne hadees sunaai, Alqama bin Waael se wo apne Abba (Waael bin Hujr) se bayan karte hain ke be-shak Nabi ﷺ ne unhe’n Hadr-maut (ke ilaaqe) mein zameen ka ek tukda ataa kiya tha. (Iski sanad Sahih hai. Tirmizi ne Ise Hasan kaha hai: H1381)

(Imam) Bukhari ne farmaya: Waael bin Hujr ka qissa (Nabi ﷺ ka unke aane ke baare mein [ba-taur e peshan goi] bayan karna aur ataa karna) ulama ke yaha’n mashoor o maroof hai.

Wo Nabi ﷺ ke paas yeke-baad deegar jaate rahe aur agar Ibne Masood, Baraa (bin Aazib) aur Jaabir (bin Samrah) ki sanad se Nabi ﷺ se koi cheez saabit hoti. To un be-ilm logo’n ki taaleel[1] mein (mardood) hai. Ye kehte hain ke agar Nabi ﷺ se koi (aisi) cheez saabit ho jaae jase hamare (munkireen e hadees) bado’n ne nahi kiya to use qubool nahi kiya jaaega. Wo log hadees ko sirf apni raae ki illat (o taaeed) ke liye hi lete hain.

Aur Wakee ne farmaya: Jo aadmi hadees ko usi tarah talab kare, jis tarah ke wo (us tak) pohonchi hai to ye shakhs sunni hai aur jo shakhs apni khwahishhaat ki taqwiyat ke liye hadees talab karta (aur padhta hai) to aisa shakhs bidati hai.

Yaane insaan ko Nabi ﷺ ki hadees ke muqaable mein apni raae ko phenk dena chaahiye, jab hadees e sahih saabit ho jaae. Aur hadees ko ghalat illato’n (aur hathkando’n) ❶ se radd nahi karna chaahiye.

❶ وفى مخطوطة أخرى "يعلل" ق١٨

وقد ذكر عن ابيي صلى الله عليه وسلم: لايؤمن أحدكم حتى يكون هواه تبعاً لما جئت به. وقد قال معمر: أهل العلم كان الأول أعلم وهؤ لاء الآخر فلآخر عندهم أعلم، ولقد قال ابن المبارك: كنت أصلي إلى جنب النعمان فرفعت يدي فقال لى: ما خشيت أن تطير؟ فقلت: إن لم أطر في أوله لم أطر فى الثانية. قال وكيع: رحم الله تعالى على ابن المبارك كان حاضر الجواب فتحير الآخر، وهذا أشبه من الذين يتما دون في غيهم إذا لم ينصروا.

[1] T: (تَعْلِيل) Kisi matlab ko daleel ke saath bayan karna aur uske sahih hone ki wajah saabit karna [RKT]

[46] Aur Nabi ﷺ se zikr kiya gaya hai ke (Aap ﷺ ne farmaya) tum mein se har shakhs us waqt tak momin nahi ho sakta, jab tak uski khwahishhaat mere laae hue deen ke taabe na ho jaae'n. ❶ (Ye riwayat Hisham bin Hisaan ki tadlees aur ghaira ki jahaalaat ki wajah se zaeef hai. Taa-ham aam dalaail iske muaiyyid[1] hain)

❶ Tambeeh: Ye riwayat Kitaab as-Sunnah li Ibne Abi Aasim: 15 aur Zam-ul-Kalaam lil Harwee: P96 waghaira mein ba-sanad maujood hai.

Maamar (bin Raashid) ne kaha: Ahle ilm ke nazdeek jo log (islam mein) jitne pehle guzre hain wo (apne pichlo'n se) ziyada ilm waale the aur un (munkireen e hadees) ke nazdeek jitne baad waale hain wo (pehlo'n se) ziyaada aalim hain. (!) aur (Abdullah) bin al-Mubaarak ne kaha: Main Noman (bin saabit yaane Abu Hanifa) ke pehlu mein (saath-saath) namaaz padh raha tha, to maine raful yadain kiya. Unho'n ne (Noman) ne mujhe kaha: "*Mujhe dar nahi hua (magar ye ke) aap adh jaaenge. To maine kaha: Jab main pehle (raful yadain) mein nahi udaa to doosri mein bhi nahi udh sakta tha*".

(Is waaqia ke raawi) Wakee ne kaha: Allah Ta'ala Ibn al-Mubaarak par rahem kare, wo (bade) haazir-jawab the. Pas doosra shakhs haeraan reh gaya (aur koi jawab na de saka).

Ye un logo'n ka haal hota hai, jo apni gumrahi mein sar-gardaa'n phirte rehte hain, jabke (kahee'n se bhi) unki taaeed nahi hoti. ❷

❷ Abdullah bin Mubarak ke ruku se pehle har takbeer ke liye jhukne aur ruku se uth-te waqt raful yadain aur Noman bin Saabit ke saath munazre waali riwayat sahih sanad ke saath darj e zel kitaabo'n mein maujood hai.

Taweel Muqhtalif-ul-Hadees li Ibne Qutaiba: P66; As Sunnah li Abdullah bin Ahmad bin Hambal: H518; Taareekh e Baghdad: V13 P405-406; Al Muntazim li Ibn al-Jauzi: V8 P136; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P82.

Neez dekhiye meri kitaab al-Asaneed us Sahiha Fee Akhbaar Abi Hanifa: # 29-31

٤٧. حدثنا عبدالله بن صالح: حدثني الليث: حدثني يونس عن ابن شهاب: أخبرني سالم بن عبدالله أن عبدالله. يعنى ابن عمر. قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام إلى الصلاة رفع يديه حتى تكونا حذو منكبيه ثم يكبر و يفعل ذلك حين يرفع رأسه من الركوع و يقول سمع الله لمن حمده ولا يرفع حين يرفع رأسه من السجود.

[1] T: (مُؤَيِّد) taaeed karne waala, madagaar, muaawin, himaayati [RKT]

[47] Hame’n Abdullah bin Saaleh ne hadees bayan ki: Mujhe Laith (bin Saad) ne hadees bayan ki. Mujhe Yunus (bin Yazeed al Eeli) ne hadees bayan ki, Ibne Shahab (Zohri) se, mujhe Salim bin Abdullah ne khabar di, be-shak Abdullah yaane Ibne Umar ne farmaya: Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha jab aap namaaz ke liye khade the to raful yadain karte hatta ke aapke haath dono kandho’n ke baraabar ho jaate, phir takbeer kehte.

Aur jab aap ruku se sar uthaate to isi tarah karte aur farmate: Samiullahu Liman Hamida aur aap jab sajde se sar uthaate t raful yadain nahi karte the. ❶ (Ye hadees Sahih hai, dekhiye Hadees Number 12)

❶ Yunus bin Yazeed al Eeli jamhoor mohaddiseen ke nazdeek siqa haia ur iski hadees sahih hoti hai. Is par jarh mardood hai. Dekhiye Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaira.

٤٨. حجثنا أبو النعمان: حدثنا عبدالواحد بن زياد الشيباني: ثنا محارب بن دثار، قال: رأيت عبدالله بان عمر إذ افتتح الصلاة كبر ورفع يديه و إذا أراد أن يركع رفغ يديه و إذا رفع راسه من الركوع.

